اللّٰہ
روحانی وجسمانی امراض نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل خزینہ روحانیات
ماہنامہ
خزینہ روحانیات لاہور
تکمیلِ حاجات نمبر
April'19
شمارہ نمبر 12
RS.80
جلد نمبر 9
حاجت پوری ہونے کی ایک خاص دعا، روحانی تحفہ
حضرت مولانا امان اللہؒ کے تکمیلِ حاجات کے مجرب اعمال
اولیاء اللہ اور بزرگانِ دین کے تکمیلِ حاجات کے مجرب اعمال
حضرت مولانا اعجاز احمد مدظلہ کے تکمیلِ حاجات کے مجرب اعمال
قرآنی اعمال برائے تکمیل حاجات
ہر حاجت پوری ہونے کے لیے ایک خاص قرآنی تعویذ
تکمیل حاجات کا بے مثال اور لاجواب عمل
حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہ کے تکمیل حاجات کے مجرب اعمال
تکمیلِ حاجات کیلئے رسول اللہ ﷺ کا ارشاد فرمودہ مبارک عمل
darulamal.org/magazines/ruhani
khazinaeruhaniyat
khazina.ruhaniyaat
khazinaruhanyat

نورانی اعمال

اٰمنت باللہ کا خاص عمل

ایک خاص عمل جس کے پیچھے مسلمان جنات کی بڑی بڑی جماعتیں چلتی ہیں اور عامل کی بھرپور مدد کرتی ہیں۔ایسے عاملین کی زیادہ مدد کرتے ہیں، جو مدارس سے منسلک ہوں یا دین کے لئے کام کرتے ہوں۔اس عمل سے ہر جائز کام لیا جاسکتا ہے۔مختصراً چند درج ذیل ہیں:

ہر قسم کے جادو کا علاج* ہر طرح کی بندش سے نجات* ہر طرح کے جنات سے نجات* جنات کو جلانا* جگہ سے جادو جنات نکالنا* روحانی تشخیص کرنا* محبت اور حاضری مطلوب* زبان بندی اور جدائی* مختلف بیماریوں کا علاج* تسخیر وشادی کے لئے* ہر مقصد کے لیے۔

منزل

منزل کا عمل جادو، جنات، نظرِ بد، شیطانی اثرات سے نجات اور حفاظت کا خاص عمل ہے۔اسی طرح دیگر آفات وحادثات سے بھی حفاظت ہوتی ہے۔اس عمل کا عامل ہر کوئی بن سکتا ہے۔عامل بن کر آپ بہت سی موذی بیماریوں کا بھی علاج کر سکتے ہیں۔

حصار قرآنی کبیر

قرآنی آیات پر مشتمل حفاظت کا ایک خاص عمل۔جس کو کرنے سے ہر طرح کے شر سے حفاظت ہوتی ہے۔جادو اور جنات کا علاج کرنے والے عاملین کے لیے ایک ضروری عمل۔

سورۃ مزمل

ناجائز کاموں کو چھوڑ کر تمام جائز کاموں میں استعمال ہونے والا ایک مضبوط ہتھیار۔بڑے جنات، شیاطین وجادوگروں کے خلاف روحانی ہتھیار۔ایک مضبوط علاج اور مضبوط دفاع بھی۔

حصارِ خاص

نورانی عملیات میں ایک خاص عمل ہے جس کا عمل کرنے کے بعد فرشتے عامل کی حفاظت کرتے ہیں۔اس عمل کے مختصر فائدے یہ ہیں: حفاظتِ مال، اھل وعیال، بھائی بہن، والدین، دوست احباب وغیرہ، دنیاوی اوراخروی آفات سے حفاظت......زحل، مشتری، مریخ، شمس، قمر اور عطارد کی نحوسات سے حفاظت وغیرہ۔

عمل شفائے امراض

ہر طرح کی بیماری کا روحانی علاج۔بڑی سے بڑی بیماریوں کا علاج اس عمل سے کیا جاسکتا ہے۔مریض قریب ہو یا دور، دم کیا جاسکتا ہے۔

دعائے حیدری

دشمن کے خلاف ایک مضبوط ہتھیار۔ان عاملین اور افراد کے لیے ایک ضروری عمل جن پر جادوگر مسلسل حملے کر رہے ہوں یا دشمن کی طرف سے مسلسل پریشانیوں کا سامنا ہو۔

روحانی تشخیص کرنے کا خاص عمل

تشخیص کا ایک خاص عمل، جس کی تکمیل کے بعد عامل ہر طرح کے جنات، سیب، جادو ٹونہ وغیرہ کی فوری تشخیص باآسانی کرسکتا ہے۔

مریض کے جسم اور گھر، فیکٹری، دکان کی روحانی تشخیص کرنے کا بہترین عمل۔

یہ عمل ہر کوئی سیکھ سکتا ہے۔کوئی ڈر وخوف نہیں۔

عمل خزینہ فتوحات

ہر حال میں فتح، ہر مقام پر فتح، ہر موقع پر فتح، ہر وقت فتح، ہر جگہ پر فتح، ہر مقصد میں فتح، ہر کام میں فتح، جی ہاں! یقینی فتح آپ کی امید، خیال، توقع، سوچ سے بڑھ کر فتح۔

واپسی نظربد کا خاص عمل

نظر بد کے اثرات نئے ہوں یا پرانے......معمولی ہوں یا بہت ہی زیادہ......کسی ایک شخص پر ہوں یا پورے خاندان پر......ہر قسم کے تمام اثرات نظر بد کو فوری نظر لگانے والوں پر واپس بھیجنے کا خاص عمل۔

تکمیل حاجات نمبر

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے

ماہنامہ خزینہ روحانیات لاہور

جلد 9 شعبان المعظم ۱۴۴۰ھ / اپریل 2019ء شمارہ 12

khazinaeruhaniyaat
KhazinaRuhanyat
Khazinaeruhaniyaat
Khazinaeruhaniyaat
khazinaeruhaniyaat@gmail.com

مجلس مشاورت

سرکولیشن، اشتہارات و شکایات: 0322-4773786

قیمت 80 روپے

سالانہ ممبرشپ عام ڈاک 650 روپے، رجسٹرڈ ڈاک 1000 روپے
سالانہ ممبرشپ بذریعہ TCS: لاہور کے لیے 1100 روپے
لاہور کے قریبی اضلاع کیلئے: 1350 روپے / لاہور سے دور کے اضلاع کیلئے: 1850 روپے
نوٹ: ہر ماہ کی 27,28,29 تاریخ کو رسالہ Post کیا جاتا ہے۔

ممبرشپ بذریعہ Email / Whatsapp: 600 روپے
نوٹ: ہر ماہ کی 25 تاریخ کو رسالہ Email کیا جائے گا

رقم کی ادائیگی کے طریقے

1. منی آرڈر: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر کریں۔ اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور رقم بھیجنے کا مقصد واضح لکھیں۔
2. شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی: Jazz Cash (موبی لنک)، easypaisa (ٹیلی نار)، Omni (یو بی ایل) کے ذریعہ 35202-2610215-1 قم ارسال کریں اور 0092-343-7772772 پر SMS کریں۔
3. موبائل اکاؤنٹس: درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔
easypaisa - Omni 0092-343-7772772
Jazz Cash 0092-302-8401977
4. MEEZAN BANK ڈپازٹ: خزینہ روحانیات کے لئے نمبر 1 میں اور باقی تمام شعبہ جات کے لئے نمبر 2 میں رقم جمع کروائیں۔
   1. بنام Khazina-e-Ruhaniyaat برانچ کوڈ (0288) اکاؤنٹ نمبر 0102830736۔
   2. بنام Darol-Amal برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0102913466۔

نوٹ: رقم جمع کرانے یا بھیجنے کے بعد 0343-7772772 پر SMS یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔

ادائیگی کی تفصیلات کے لیے: darulamal.org/Payment

دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamalchishtia
darulamalchisht
موبائل: 0343-7772772 0322-7772772
موبائل: 0312-7772772, 0306-7772772 (ufone)
خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور 54570 فون: 042-35410586

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

بروز جمعۃ المبارک ادارہ بند رہے گا

خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

تکمیل حاجات نمبر

ادارہ دار العمل چشتیہ کی ویب سائٹ darulamal.org

دارالعمل چشتیہ کا تعارف darulamal.org/aboutus.htm

ہے سلطانوں کا ایک سلطان اللہ

ہے سلطانوں کا ایک سلطان
ہے حنان اللہ، ہے منان
مہیمن، حفیظ اور نگہبان
عفو اور رحیم اور رحمٰن
زباں سے بھی کہنا ہے آسان
دلوں میں بسانا ہے ایمان
سرور و مسرت کا سامان
دل صاحب دل کا ارمان
نرالا، اکیلا جہاں بان
ہے خلاقِ حیوان و بے جان
عطا کر ہمیں اپنی پہچان
کریں ہم بیاں بس تری شان
ترا شکر کرتے ہیں ہر آن
نہیں کرتے نعمت کا کفران
ہے اس پر یہ تیرا ہی احسان
اسامہ ہے تیرا ثنا خوان

محمد اسامہ سَرسَری

درِ رسولؐ پہ گزرے تمام ہو جائے

درِ رسول ﷺ پہ گزرے، تمام ہو جائے
مری حیات محمد ﷺ کے نام ہو جائے
ہے در پہ ساقیٔ کوثر کے نوک خم اس کی
مرے قلم کو عطا کوئی جام ہو جائے
پڑھوں درود لکھوں نعتِ شافعِ محشر
کہ روزِ حشر کا کچھ انتظام ہو جائے
نہ جس میں ذکر ہو تیرے حبیب کا یا رب
ہر ایک سانس وہ، مجھ پر حرام ہو جائے
جو چھو کے آئی ہے بادِ صبا ترا روضہ
اے کاش! مجھ سے کبھی ہم کلام ہو جائے
پڑھوں نماز تو بس روبرو محمد ﷺ ہوں
مرے شعور میں ایسا قیام ہو جائے
پیامِ امن ہے اُسوہ ہمارے آقا ﷺ کا
طریقہ رحمتِ عالم ﷺ کا عام ہو جائے

ذوالفقار نقوی

''تکمیل حاجات نمبر''

مولانا علی آفاق

محترم قارئین کرام! الحمد للہ خصوصی دعاؤں کے نتیجے میں آج ادارہ دارالعمل چشتیہ کی شعبہ نشرواشاعت کے زیراہتمام چھپنے والا رسالہ ''خزینہ روحانیات'' کا خصوصی نمبر ''تکمیل حاجات نمبر'' آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ ادارے کی ٹیم اور ہمارے تجربہ کار لکھاری، مصنفین اور کہنہ مشق عاملین سمیت دنیا بھر میں پھیلے ہوئے روحانی درسگاہ کے شاگرد اور ہمارے لئے دعائیں کرنے والے سب ہی مبارکباد کے مستحق ہیں۔ ہم ایک مرتبہ پھر ایک مکمل میگزین شائع کرنے میں کامیاب ہوئے اور پھر خاص نمبر کی اشاعت معمولی کام نہیں ہے۔ ہم الحمد للہ عرصہ 20 سال سے روحانی علاج کر بھی رہے ہیں اور سکھا بھی رہے ہیں۔ روحانی درسگاہ کے زیراہتمام نوری اعمال، علوی اعمال، اعمال اولیائے عظام سمیت صدقہ/ہدیہ کے عوض حاصل ہونے والے اعمال کو سکھانے کا شرف ادارے کو حاصل ہے۔ ساتھ ہی چھ ماہ کے بعد پوری انسانیت کے دکھ غم اور ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے وظائف کا اہتمام اور لوگوں کے دکھ درد بانٹنے کی کوشش کررہے ہیں۔ حاجات چیز ہی ایسی ہیں کہ ہر بندہ اپنی حاجت اور ضرورت کو چٹکیوں میں حل ہوتا دیکھنا چاہتا ہے۔ اب جب ہم اپنے گھر، افراد، خاندان، کاروبار، ملازمت، بال بچوں کو روحانی امراض، جادو، جنات، نظربد، بندش، صحت کے مسائل، اولاد کے نافرمانی کے مسائل اور جادو کے اثرات اور مخلوقات کو کاٹ چکے ہوں گے تو پھر اللہ کی رحمت کو بذریعہ دعا، وظائف، صدقات، برکت کی کوشش کرنا اور برکت کے کھینچنے والے اعمال ہی ہماری ترقی اور کامیابی کا ذریعہ بنیں گے۔ کیونکہ روحانی علاج کے بعد حصار، حفاظت، سکیورٹی کا پورا بندوبست کرنا اور نحوست کے خاتمے کے بعد برکت کی کثرت اور فراوانی کی ضرورت ہوتی ہے اور

ہماری ٹیم کی پوری کوشش ہے کہ اولیائے امت کے وظائف، مفتیان کرام، علمائے عظام کے مجرب اور بابرکت اعمال، عاملین کاملین کے مجرب اور سالہا سال کے بتائے اور آزمائے ہوئے اعمال و وظائف کو ذکر کیا جائے تاکہ انسانیت اور امت بھٹکنے سے بچ جائے اور ساتھ ہی امت کا ایمان، جان، مال اور عزت وآبرو محفوظ رہ سکے۔ ہماری تمام شائقین اور سائلین اور قارئین کے لئے پالیسی ہے کہ اپنی محتاجی اور ضرورت کی بیساکھی توڑیں۔ اور آئندہ اپنا اور گھرانے کا علاج، حصار وحفاظت اور دشمن کو ہمیشہ کے لئے سبق سکھانے کے اعمال اور سحر مسلسل یعنی بار بار جادو کے علاج سے مریضوں کی مایوسی اور ناامیدی کی حالت کو خود کنٹرول کرنا سیکھیں۔ ورنہ دشمن زبردست اور طاقتور ہو کر آپ کی تکالیف کو بڑھائے گا۔ جو کہ اس کی خوشی میں اضافے کا باعث ہوگا۔

اللہ جل جلالہٗ ہی ہر تدبیر کا نتیجہ مرتب فرماتے ہیں

خالد مقبول حفظہ اللہ

میری روحانی علاج کے شعبہ سے بائیس سال سے زائد کی وابستگی ہے۔ طرح طرح کے مسائل میں مبتلا مریضوں سے واسطہ پڑا۔ کئی خواہشوں کے طالبین سے واسطہ پڑا۔ ایک بات جس کا ذکر پہلے رسائل میں بھی کر چکا ہوں اور یہاں بھی ضروری سمجھتا ہوں، وہ کچھ نہ کچھ حد تک بلکہ زیادہ تر سائلین یا مریضوں میں دیکھی گئیں کہ وہ روحانی معالج یا عامل کو کسی نہ کسی حد تک یہ سمجھتے ہیں کہ وہ اگر چاہے تو ان کے لیے بہت کچھ کر سکتا ہے۔ اور اس ''بہت کچھ'' میں یہ بھی شامل ہے کہ ''اگر روحانی معالج چاہے تو ان کا مسئلہ حل کر سکتا ہے یا ان کی حاجت پوری کر سکتا ہے۔''

یہ عقیدہ رکھنا انتہائی غلط ہے اور اس کی اصلاح ہونا بہت ضروری ہے۔ ہر تدبیر کی کچھ حدود ہوتی ہیں۔ اسی طرح روحانی علاج کی بھی اپنی حدود ہیں۔ ان حدود سے تجاوز کسی طرح بھی نہیں ہو سکتا۔

اسی غلط عقیدے کی وجہ سے عاملین اور پیرانِ عظام بہت بدنام ہیں۔ اس میں صرف قصور عوام کا ہی نہیں، خود ان عاملین، روحانی معالجین اور پیرانِ عظام کا بھی ہے جو عوام کی عقیدے کی اصلاح نہیں کرتے اور اگر کوئی ایسا کہہ دے کہ ''حضور! آپ چاہیں تو کیا نہیں کر سکتے۔ بس میرے اوپر نظرِ کرم کریں'' تو وہ پھولے نہیں سماتے۔ ان کو چاہیے کہ ایسے کہنے والے کو واضح الفاظ میں کہیں کہ ''ہم سے جو ہو سکا کریں گے، آگے اللہ کی مرضی۔ آپ بھی دعا کریں، میں بھی دعا کروں گا۔'' حالانکہ حقیقت کا ان کو بھی اچھی طرح پتہ ہوتا ہے کہ نتیجہ مرتب کرنا ان کے ہاتھ میں نہیں ہے۔ فرعون بھی بہت دعوے کرتا تھا مگر اکیلے میں اللہ تعالیٰ سے اس نے کیا کہا تھا؟ تحقیق کرنے والوں کو دعوت ہے کہ وہ خود اس واقعے کو پڑھیں۔

اب اصل حقیقت کو اچھی طرح سمجھیے اور اپنا عقیدہ بھی درست کریں۔ انسان کسی بھی حاجت کے لیے صرف اور صرف تدبیر ہی کر سکتا ہے۔ تدبیر اعلیٰ سے اعلیٰ بھی ہو سکتی ہے اور ناقص ترین بھی۔ البتہ جو بھی تدبیر کی جاتی ہے، اس کا نتیجہ اللہ جل جلالہٗ ہی مرتب فرماتے ہیں۔ کبھی اعلیٰ سے اعلیٰ تدبیر کا نتیجہ سائل کے مخالف اور کبھی ناقص ترین تدبیر کا نتیجہ بھی سائل کے حق میں۔ یہ صرف اللہ جل جلالہٗ کی ہی مرضی ہے۔ اس نتیجہ مرتب فرمانے میں کسی کو بھی دخل نہیں ہے۔ اگر کوئی بھی ذرا برابر بھی یہ سمجھتا ہے کہ نتیجہ مرتب کرنے میں اللہ جل جلالہٗ کے علاوہ کسی کا کوئی دخل ہے تو اس کو ''شرک کرنا'' ہی کہیں گے۔

جہاں تک یہ بات ہے کہ کسی بزرگ سے، کسی ولی سے، کسی دربار پر جا کر، کسی مزار پر یا قبر پر جا کر، کسی بابا جی کے پاس جا کر کوئی مسئلہ بتایا، کوئی حاجت بتائی اور انہوں نے دعا دی، کوئی تعویذ دیا یا کوئی عمل دیا اور مسئلہ حل ہو گیا یا حاجت پوری ہو گئی تو اس کے پیچھے بھی یہی حقیقت ہے کہ جس کے پاس گئے، اس نے جو تدبیر کی، اللہ جل جلالہٗ نے ان کی عزت رکھ لی اور نتیجہ ان کے حق میں کر دیا۔ لیکن یہ سمجھنا کہ ان بزرگ نے ہی کیا یا ان بزرگ کی مرضی سے ہوا اور اللہ جل جلالہٗ کو پسِ پشت ڈالنا...... شرکیہ عقیدہ ہے۔

اسی طرح کبھی یہ آزمائش کے طور پر ہوتا ہے یعنی کسی ایسے بندے کے پاس گئے، جو بظاہر گناہوں میں مبتلا ہو، نشے کا عادی ہو، نماز روزہ کا دور دور تک کوئی نشان نہ ہو اور وہ کوئی تدبیر کرے اور فوراً سائل کا کام ہو جائے۔ اب سائل یہ سمجھے کہ وہ بندہ بہت پہنچا ہوا ہے۔ وہ چاہے تو کچھ بھی کر سکتا ہے۔ یہی تو امتحان ہے کہ سائل کیا عقیدہ رکھتا ہے؟ اور اگر سائل اس امتحان میں ناکام ہو جائے تو وہ مشرک ٹھہرا اور ایمان کی نعمت سے محروم ہوا۔

اسی بات کو سب بزرگوں نے بیان کیا ہے کہ تدبیر کو ہی مؤثر نہ سمجھا جائے، تدبیر کر کے نتیجہ کے لیے اللہ جل جلالہٗ سے رجوع کیا جائے۔

حاجات کے اعمال

مولانا غلام یسین مدظلہ

عمل نمبر اول: نماز حاجت کی فضیلت

حضرت عبداللہ بن اوفی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد مبارک فرمایا کہ جس شخص کو کوئی حاجت یا ضرورت ہو اللہ تعالیٰ سے یا کسی آدمی سے تو اس کو چاہیے کہ وضو کرے اور خوب اچھا وضو کرے، اس کے بعد دو رکعت نماز پڑھے، اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھے۔ پھر اللہ کریم سے اس طرح دعا مانگے:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِیْمُ الْكَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِیْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لِیْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِیَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَیْتَهَا یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

ف: یہ بات اتنی واضح ہے کہ اس میں شک وشبہ کی گنجائش ہی نہیں کہ مخلوقات کی ساری حاجتیں اور ضرورتیں اللہ کے اور صرف اللہ ہی کے ہاتھ میں ہیں اور بظاہر جو کام بندوں کے ہاتھوں ہوتے دکھائی دیتے ہیں۔ دراصل وہ بھی اللہ ہی کے ہاتھ میں ہیں اور اسی کے حکم سے پورے ہوتے ہیں۔

نماز حاجت کا جو طریقہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس حدیث شریف میں تعلیم فرمایا ہے وہ اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجتیں پوری کرانے کا بہترین طریقہ ہے اور جن بندوں کو ان ایمانی حقیقتوں پر یقین نصیب ہے ان کا یہی تجربہ ہے اور انہوں نے نماز حاجت کو خزائن الہیہ کی کنجی پایا ہے۔ اللہ کریم ہر حاجت میں ہماری مدد فرمائیں۔ آمین

تکمیل حاجات نمبر

عمل نمبر دوم: حاجت کی خاص دعا

حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ صحابی کا بیان ہے کہ ایک نابینا شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے عرض کیا کہ آپ ﷺ اللہ سے دعا فرمائیں کہ وہ مجھے عافیت بخشے۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ اگر تو چاہے تو میں تیرے حق میں دعا کر دیتا ہوں اور اگر تو چاہے تو صبر کر کیونکہ یہ صبر (رضا بقضا کا مقام) تیرے لیے بہتر ہے۔ اس نے عرض کیا کہ خدا سے دعا فرمائیے۔ آپ ﷺ نے اس سے ارشاد فرمایا کہ اچھی طرح وضو کر کے یوں دعا کرنا:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ وَ اَتَوَجَّهُ اِلَیْكَ بِنَبِیِّكَ مُحَمَّدٍ نَّبِیِّ الرَّحْمَةِ یَا مُحَمَّدُ اِنِّیْ تَوَجَّهْتُ بِكَ اِلٰی رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ هٰذِهٖ لِتُقْضٰی لِیَ اَللّٰهُمَّ فَشَفِّعْهُ فِیَّ۔

ترجمہ: اے اللہ! تیری بارگاہ میں میں سوال کرتا ہوں اور تیرے نبی، نبی الرحمۃ کا وسیلہ پیش کرتا ہوں، اے محمد ﷺ! میں نے اپنے پروردگار کی بارگاہ میں آپ ﷺ کا وسیلہ پیش کیا ہے اپنی ضرورت میں تا کہ وہ پوری ہو۔ یا اللہ تو میرے حق میں حضور ﷺ کی شفاعت قبول فرما۔

اس حدیث کو ترمذی ونسائی نے روایت کیا ہے۔ ترمذی نے اس حدیث کو حسن صحیح کہا ہے اور بیہقی نے تصحیح کی ہے اور وفا الوفاص ۴۲۰ ج ۲ میں بروایت بیہقی اتنا اور ہے کہ اس نابینا نے ایسا ہی کیا تو بینا ہو گیا۔

(نشر الطیب ص ۲۴۸ و ترجمان السنہ ص ۷۷ ج ۱)

میرے پیارے حضرت مدنیؒ کا پیارا انیارا عمل بار بار مجرب

عمل نمبر دوم: نماز حل مشکلات

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ چار رکعت نماز نفل ایک تکبیر تحریمہ سے پڑھے۔ پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد سو (۱۰۰) دفعہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَ كَذٰلِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ،

دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد سو (۱۰۰) دفعہ رَبِّ اِنِّی مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ، تیسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد سو (۱۰۰) دفعہ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ، چوتھی رکعت میں بعد الحمد شریف سو (۱۰۰) مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ پڑھے۔ پھر سلام پھیرنے کے بعد سجدہ میں سر رکھے اور سو (۱۰۰) بار رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ پڑھے اور پھر اپنی حاجت خداوند تعالیٰ سے چاہے۔

یہ نماز شاہ ولی اللہ، شاہ عبدالعزیز دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے لکھی ہے، اپنے اکابرؒ نے بھی پڑھنے کے لیے لکھا ہے۔

اہم فتویٰ

اس نماز حاجت پر کچھ اعتراض تھا تو حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ صاحبؒ نے فتویٰ لکھا۔ اس نماز میں بہتر صورت یہ ہے کہ سورۂ فاتحہ کے بعد ہر رکعت میں قل ہو اللہ احد پڑھے پھر پہلی رکعت میں آیت کریمہ سو (۱۰۰) پھر دوسری رکعت میں رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ جیسا کہ اوپر نماز لکھی ہے، پڑھے۔ ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد قل ہو اللہ پڑھ لینے سے رَبِّ کا اضافہ اور وَاُفَوِّضُ میں واؤ کی کمی سے کوئی شبہ نہیں رہے گا۔

(مفتی محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ)

عمل نمبر چہارم: نماز حاجت

محمد بن دستویہ سے منقول ہے کہ میں نے امام شافعیؒ کی بیاض میں ان کے ہاتھ کا لکھا ہوا دیکھا کہ یہ نماز حاجت ہے ہزار حاجت کے واسطے جو حضرت خضر علیہ السلام نے کسی عابد کو سکھلائی تھی۔ دو رکعت نفل پڑھے۔ اول رکعت میں سورۂ فاتحہ ایک بار قل یا ایھا الکفرون دس (۱۰) بار اور دوسری رکعت میں فاتحہ ایک بار اور قل ھو اللہ گیارہ بار پھر سلام پھیر کر سجدہ میں جاوے اور اس میں دس (۱۰) بار درود شریف اور دس (۱۰) بار سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ "اور دس بار رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ پڑھ کر اپنی حاجت مانگے۔

حکیم ابوالقاسم فرماتے ہیں کہ میں نے اس عابد کے پاس قاصد بھیجا کہ مجھ کو یہ نماز سکھا دے، انہوں نے بتلا دی۔ میں نے پڑھ کر علم و حکمت کی دعا کی۔ اللہ تعالیٰ نے عطا فرمایا اور ہزار ہا حاجتیں میری پوری ہوئیں۔ حکیم ممدوح فرماتے ہیں کہ جو شخص اس نماز کو پڑھنا چاہے، شب جمعہ میں غسل کرے اور پاک کپڑے پہنے اور آخر میں بہ نیت قضائے حاجت پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ وہ حاجت پوری ہو۔

عمل نمبر پنجم: دیگر قضائے حاجت

قضائے حاجات کے لیے یہ عمل بہت مجرب ہے کہ سورۂ فاتحہ سات بار اور یہ درود شریف دو سو (۲۰۰) مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ اور یہ یَا خَفِیَّ اللُّطْفِ اَدْرِکْنِیْ بِلُطْفِکَ الْخَفِیِّ پانچ سو بار (۵۰۰) الحمد شریف سات بار اور درود مذکورہ دو سو (۲۰۰) بار اور یا قاضی الحاجات پڑھے اور اپنی حاجت گڑگڑا کر خداوندی تعالیٰ سے مانگے، بہت جلد امید بر آوے۔

عامل کو اگر الحمد شریف کی زکوٰۃ دینے کی سخت ضرورت ہو تو چاہیے کہ ترک حیوانات جلالی و جمالی (یعنی گوشت و مچھلی و دودھ، دہی و ہینگ و لہسن و پیاز خام) کے ساتھ بارہ روز تک الحمد شریف ہر روز ہزار مرتبہ پڑھے۔ یہ ختم ہر مطلب کے لیے کافی ہے۔

عمل نمبر ششم:

عمل نماز سیف قاطع (کاٹنے والی تلوار)

اس عمل پر بزرگان دین کا قیام ہے اور تاثیر میں سیف قاطع ہے۔ اس کے سچے ہونے میں کچھ شک و شبہ نہیں۔ کیفیت اس کی یہ ہے کہ شب جمعہ کو عشاء کی نماز کے بعد خلوت میں دو رکعت نماز پڑھے، اس حاجت کی نیت سے جو چاہتا ہے۔ پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۂ انعام جو ساتویں پارہ

میں ہے اول سے آخر تک پڑھے پھر دوبارہ از سرنو شروع کرے اور اس آیت تک پڑھے۔ وَکُنتُمۡ عَنۡ اٰیٰتِهٖ تَسۡتَكۡبِرُوۡنَ اور رکوع میں جاوے پھر دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد وَلَقَدۡ جِئۡتُمُوۡنَا فُرَادٰی سے آخر سورۃ تک پڑھ کر رکوع کرے پھر نماز ختم کرنے کے بعد ہزار بار یہ درود شریف پڑھے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلِّمۡ كَمَا تُحِبُّ وَتَرۡضٰی، اس کے بعد دعا مانگے اور گڑگڑا کر اپنی حاجت چاہے۔ ان شاء اللہ العزیز قبول ہوگی، اگرچہ اس میں اور اس کی حاجت میں بعد المشرقین ہو۔ یہ عمل مجرب ہے خواہ آپ اس عمل کو کرے یا دوسرے سے کرائے۔

عمل نمبر ہفتم: عمل نماز قضائے حاجات

واسطے قضائے حاجت کے بہت ہی سریع التاثیر اور مجرب ہے اور حضرات مشائخ چشتیہ رحمۃ اللہ علیہم کا اس پر عمل ہے۔ بدھ اور جمعرات کو دو رکعت نماز نفل پڑھے۔ پہلی رکعت میں الحمد شریف ایک بار اور سورۂ اخلاص سو بار (۱۰۰) اور دوسری رکعت میں سورۂ الحمد سو بار (۱۰۰) بار، سورۂ اخلاص ایک بار پھر سلام کے بعد سو (۱۰۰) دفعہ یہ استغفار پڑھے۔ اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰهَ الَّذِیۡ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ غَفَّارُ الذُّنُوۡبِ وَاَتُوۡبُ اِلَیۡهِ اور سو (۱۰۰) دفعہ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الۡاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَسَلِّمۡ پھر سو (۱۰۰) بار کہے (اے آسان کنندۂ دشوار یہا واے روشن کنندہ تاریکیہا) پھر حضور دل سے حاجت چاہے اور تیسری شب کو بعد فارغ ہونے کے سر برہنہ کرکے اور آستین گردن میں ڈال کر اور آنکھوں میں آنسو لا کر جو حاجت ہو پچاس دفعہ عرض کرے۔ ان شاء اللہ بر آوے۔

عمل نمبر ہشتم: ہر مصیبت میں نماز کا سہارا

عن حذیفة قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا حزبه امر فزع الی الصلوٰة (اخراجه احمد و ابوداؤد وابن حریر کذافی الدر المنثور)

حضرت حذیفہؓ ارشاد فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی سخت امر پیش آتا تھا تو نماز کی طرف فوراً متوجہ ہوتے تھے۔

ف: نماز اللہ کی بڑی رحمت ہے، اس لئے ہر پریشانی کے وقت میں ادھر متوجہ ہو جانا گویا اللہ کی رحمت کی طرف متوجہ ہو جانا ہے اور جب رحمت الٰہی مساعد و مددگار ہو تو پھر کیا مجال ہے کسی پریشانی کی کہ باقی رہے۔ بہت سی روایتوں میں مختلف طور سے یہ مضمون وارد ہوا ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین جو ہر قدم پر حضور ﷺ کا اتباع فرمانے والے ہیں۔ ان کے حالات میں بھی یہ چیز نقل کی گئی ہے۔ حضرت ابوداؤد فرماتے ہیں کہ جب آندھی چلتی تو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فوراً مسجد میں تشریف لے جاتے تھے اور جب تک آندھی بند نہ ہو جاتی مسجد سے نہ نکلتے۔ اسی طرح جب سورج یا چاند گرہن ہو جاتا تو حضور ﷺ فوراً نماز کی طرف متوجہ ہو جاتے۔ حضرت صہیبؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ پہلے انبیاءؑ کا بھی یہی معمول تھا کہ ہر پریشانی کے وقت نماز کی طرف متوجہ ہو جاتے تھے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ سفر میں تھے۔ راستہ میں اطلاع ملی کہ بیٹے کا انتقال ہو گیا۔ اونٹ سے اُترے، دو رکعت نماز پڑھی پھر اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّاۤ اِلَیۡهِ رٰجِعُوۡنَ پڑھا اور پھر فرمایا کہ ہم نے وہ کیا جس کا اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا ہے اور قرآن پاک کی آیت وَاسۡتَعِیۡنُوۡا بِالصَّبۡرِ وَالصَّلٰوةِ تلاوت کی۔ ایک اور قصہ اسی قسم کا نقل کیا گیا ہے کہ حضرت ابن عباسؓ تشریف لے جا رہے تھے، راستہ میں ان کے بھائی قثم کے انتقال کی خبر ملی۔ راستہ سے ایک طرف کو ہو کر اونٹ سے اترے، دو رکعت نماز پڑھی اور التحیات میں بہت دیر تک دعائیں پڑھتے رہے، اس کے بعد اٹھے اور اونٹ پر سوار ہوئے اور قرآن پاک کی آیت وَاسۡتَعِیۡنُوۡا بِالصَّبۡرِ وَالصَّلٰوةِ وَاِنَّهَا لَكَبِیۡرَةٌ اِلَّا عَلَی الۡخٰشِعِیۡنَ تلاوت فرمائی۔ (ترجمہ) اور مدد حاصل کرو صبر کے ساتھ اور نماز کے ساتھ اور بیشک وہ نماز دشوار ضرور ہے مگر جن کے دلوں میں خشوع ہے ان پر کچھ دشوار نہیں۔ خشوع کا بیان تیسرے باب میں مفصل آ رہا ہے۔ انہیں کا ایک اور قصہ ہے کہ ازواج مطہرات میں سے کسی کے انتقال کی خبر ملی تو سجدہ میں گر گئے، کسی نے دریافت کیا کہ یہ کیا بات تھی؟ آپ نے فرمایا کہ حضور ﷺ کا ہم کو یہی ارشاد ہے کہ جب کوئی حادثہ دیکھو تو سجدہ میں (یعنی نماز میں) مشغول ہو جاؤ۔ اس سے بڑا حادثہ اور کیا ہوگا کہ اُم المومنینؓ کا انتقال ہو

گیا۔ حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ کے انتقال کا وقت جب قریب آیا تو جو لوگ وہاں موجود تھے، ان سے فرمایا کہ میں ہر شخص کو اس سے روکتا ہوں کہ وہ مجھے روئے اور جب میری روح نکل جائے تو ہر شخص وضو کرے اور اچھی طرح سے آداب کی رعایت رکھتے ہوئے وضو کرے پھر مسجد میں جائے اور نماز پڑھ کر میرے واسطے استغفار کرے۔ اس لئے کہ اللہ جل شانہٗ نے وَاسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلَاةِ کا حکم فرمایا ہے، اس کے بعد مجھے قبر کے گڑھے میں پہنچا دینا۔ حضرت ام کلثومؓ کے خاوند حضرت عبدالرحمٰنؓ بیمار تھے اور ایک دفعہ ایسی سکتہ کی سی حالت ہوگئی کہ سب نے انتقال ہو جانا تجویز کرلیا۔ حضرت ام کلثومؓ اٹھیں اور نماز کی نیت باندھ لی، نماز سے فارغ ہوئیں تو حضرت عبدالرحمٰنؓ کو بھی افاقہ ہوا، لوگوں سے پوچھا کہ میری حالت موت کی سی ہوگئی تھی۔ لوگوں نے عرض کیا جی ہاں، فرمایا کہ دو فرشتے میرے پاس آئے اور مجھ سے کہا کہ چلو احکم الحاکمین کی بارگاہ میں تمہارا فیصلہ ہونا ہے۔ وہ مجھے لے جانے لگے تو ایک تیسرے فرشتے آئے اور ان دونوں سے کہا کہ تم چلے جاؤ، یہ ان لوگوں میں ہیں جن کی قسمت میں سعادت اسی وقت لکھ دی گئی تھی جب یہ ماں کے پیٹ میں تھے اور ابھی ان کی اولاد کو ان سے اور فوائد حاصل کرنے ہیں۔ اس کے بعد ایک مہینہ تک حضرت عبدالرحمٰنؓ زندہ رہے پھر انتقال ہوا۔

وہبؒ بن منبہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ سے حاجتیں نماز کے ذریعہ طلب کی جاتی ہیں اور پہلے لوگوں کو جب کوئی حادثہ پیش آتا تھا وہ نماز ہی کی طرف متوجہ ہوتے تھے۔ جس پر بھی کوئی حادثہ گزرتا وہ جلدی سے نماز کی طرف رجوع کرتا۔

عمل نمبر نہم: مصیبت و پریشانی کے وقت نماز

کہتے ہیں کوفہ میں ایک قلی تھا جس پر لوگوں کو بہت اعتماد تھا۔ امین ہونے کی وجہ سے تاجروں کا سامان روپیہ وغیرہ بھی لے جاتا، ایک مرتبہ وہ سفر میں جا رہا تھا، راستہ میں ایک شخص اس کو ملا، پوچھا کہاں کا ارادہ ہے؟ قلی نے کہا فلاں شہر کا، وہ کہنے لگا کہ مجھے بھی جانا ہے۔ میں پیدل چل سکتا تو تیرے ساتھ ہی چلتا، کیا یہ ممکن ہے کہ ایک دینار کرایہ پر مجھے خچر پر سوار کر لے؟ قلی نے اس کو منظور کر لیا، وہ سوار ہوگیا۔ راستہ میں ایک دوراہے ملا۔ سوار نے پوچھا کدھر کو چلنا چاہیے۔ قلی نے شارع عام کا راستہ بتایا۔ سوار نے کہا یہ دوسرا راستہ قریب کا ہے اور جانور کے لئے بھی سہولت کا ہے کہ سبزہ اس پر خوب ہے۔ قلی نے کہا: میں نے یہ راستہ دیکھا نہیں۔ سوار نے کہا کہ میں بارہا اس راستہ پر چلا ہوں۔ قلی نے کہا اچھی بات ہے۔ اسی راستہ کو چلیں، تھوڑی دور چل کر وہ راستہ ایک وحشتناک جنگل پر ختم ہوگیا جہاں بہت سے مردے پڑے تھے، وہ شخص سواری سے اترا اور کمر سے خنجر نکال کر قلی کے قتل کرنے کا ارادہ کیا، قلی نے کہا کہ ایسا نہ کر یہ خچر اور سامان سب کچھ لے لے، یہی تیرا مقصود ہے، مجھے قتل نہ کر، اس نے نہ مانا اور قسم کھالی کہ پہلے تجھے ماروں گا پھر یہ سب کچھ لوں گا۔ اس نے بہت عاجزی کی مگر اس ظالم نے ایک نہ مانی۔ قلی نے کہا اچھا مجھے دو رکعت آخری نماز پڑھنے دے۔ اس نے قبول کیا اور ہنس کر کہا جلدی سے پڑھ لے، ان مردوں نے بھی یہی درخواست کی تھی مگر ان کی نماز نے کچھ بھی کام نہ دیا۔ اس قلی نے نماز شروع کی، الحمد شریف پڑھ کر سورت بھی یاد نہ آئی، ادھر وہ ظالم کھڑا تقاضا کر رہا تھا کہ جلدی ختم کر۔ بے اختیار اس کی زبان پر یہ آیت جاری ہوئی "أَمَّنْ يُجِيبُ الْمُضْطَرَّ إِذَا دَعَاهُ الآيَة: یہ پڑھ رہا تھا اور رو رہا تھا کہ ایک سوار نمودار ہوا جس کے سر پر چمکتا ہوا خود (لوہے کی ٹوپی) تھا۔ اس نے نیزہ مار کر اس ظالم کو ہلاک کر دیا، جس جگہ وہ ظالم مر کر گرا، آگ کے شعلے اس جگہ سے اٹھنے لگے۔ یہ نمازی بے اختیار سجدہ میں گر گیا، اللہ کا شکر ادا کیا، نماز کے بعد اس سوار کی طرف دوڑا، اس سے پوچھا کہ خدا کے واسطے اتنا بتا دو کہ تم کون ہو؟ کیسے آئے؟ اس نے کہا کہ میں "أَمَّنْ يُجِيبُ الْمُضْطَرَّ" کا غلام ہوں، اب تم مامون ہو، جہاں چاہے جاؤ۔ یہ کہہ کر وہ چلا گیا۔ درحقیقت نماز ایسی ہی بڑی دولت ہے کہ اللہ کی رضا کے علاوہ دنیا کے مصائب سے بھی اکثر نجات کا سبب ہوتی ہے اور سکون قلب تو حاصل ہوتا ہی ہے۔ ابن سیرینؒ کہتے ہیں کہ اگر مجھے جنت کے جانے میں اور دو رکعت نماز پڑھنے میں اختیار دے دیا جائے تو میں دو رکعت ہی کو اختیار کروں گا۔

تکمیلِ حاجات کے مسنون اعمال

مرتب: اراکین دارالعمل چشتیہ، لاہور

تمام حاجتیں پوری کی جائیں گی

حضرت عطاء بن ابی رباحؒ فرماتے ہیں کہ مجھے یہ حدیث پہنچی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو آدمی دن کے شروع حصہ میں یٰس پڑھے گا، اس کی تمام حاجتیں پوری کی جائیں گی۔

(مشکوٰۃ شریف ص:۱۸۹)

صلوٰۃ الحاجۃ

جامع ترمذی میں ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا:

”جس کسی کو اللہ تعالیٰ یا کسی انسان سے کوئی حاجت ہو تو اسے چاہیے کہ اچھی طرح وضو کرے۔ پھر دو رکعت پڑھے۔ پھر اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء اور بارگاہ رسالت جناب نبی کریم ﷺ پر تحفۂ درود پیش کر کے یہ دعا مانگے“

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ. سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ. اَسْاَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

ترجمہ ”نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے۔ اللہ بردبار بزرگی والا پاک ہے۔ اللہ جو عظمت والے عرش کا مالک ہے۔ سب تعریف اس اللہ ہی کے لئے ہے جو تمام جہانوں کا رب ہے۔ مانگتا ہوں میں تجھ سے اسباب، تیری رحمت کے اور وسائل، تیری بخشش کے اور غنیمت جاننے کا جذبہ ہر نیکی کو اور سلامتی ہر گناہ سے۔ نہ چھوڑ میرے کسی گناہ کو مگر اس طرح کہ تو اسے بخش دے اور نہ چھوڑ کوئی غم مگر اس طرح کہ تو اسے کھول دے اور نہ چھوڑ کوئی حاجت جو تیری مرضی کے تحت ہے مگر اس کو پورا فرما۔ اے تمام رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے۔“

تمام مہماتِ دنیا و آخرت کے لیے

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

حضرت ابو درداءؓ سے منقول ہے کہ جو شخص اس آیت کو ہر روز سو بار پڑھے تمام مہماتِ دنیا و آخرت کے لیے اس کو کافی ہے۔

کسی بھی حاجت کے لیئے مُجرب دعا

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

جو شخص یہ دعا پڑھے گا کسی بھی حاجت کے لئے تو اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول فرمائیں گے۔ (رواہ احمد والترمذی)

نماز دعاء الحاجت

حاجت مند کو چاہیئے کہ جب کوئی ایسی مہم پیش آئے کہ اس کی تدبیر سے عاجز ہو تو تین روز یا پانچ روز یا سات روز نماز حاجت عشاء کے وقت سنت اور وتر کے درمیان پڑھے اور نیت باندھنے کے وقت اس حاجت کو خیال میں رکھے اور بعد سلام کے نہایت گڑگڑا کر عاجزی اور زاری سے یہ دعا پڑھے: اَللّٰهُمَّ عَلَيْكَ الثَّنَاءُ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ

ترجمہ: ”اے اللہ! تیرے شایان شان وہ تعریف ہے جو تعریف آپ نے خود اپنی فرمائی ہے۔“

اور ایک بار یہ درود شریف پڑھے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِهٖ

ترجمہ: ”اے اللہ! اپنی رحمت نازل فرما ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جو پڑھے ہوئے نہیں اور آپ کی آل پر۔“

اور ایک بار یہ دعا پڑھے:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَظِيْمِ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَ عَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَ الْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَ الْعِصْمَةَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَ السَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَ لَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَ لَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ يَا مُحَمَّدُ اِنِّيْ اَتَوَجَّهُ بِكَ اِلٰى رَبِّيْ فِيْ حَاجَتِيْ هٰذِهٖ لِيَقْضِيَ لِيْ اَللّٰهُمَّ فَشَفِّعْهُ فِيَّ.

ترجمہ: ”نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ جو حکمت والا ہے، جاننے والا ہے، پاک ہے ذات اللہ کی جو سب سے بڑا پروردگار ہے۔ اے اللہ! میں سوال کرتا ہوں تیری رحمت کے اسباب کا اور تیری مغفرت کے ارادوں کا اور غنیمت کا مہربان سے اور حفاظت کا ہر گناہ سے اور سلامتی کا ہر خطا سے۔ نہ چھوڑ میرا کوئی گناہ مگر بخش دے اور نہ چھوڑ میرا کوئی غم مگر اسے دور فرما اور نہ کوئی حاجت تو تیری رضا کے مطابق ہے مگر اسے پورا فرما۔ اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور آپ کی طرف متوجہ ہوتا ہوں، تیرے نبی کے صدقے یعنی محمد (ﷺ) کے وسیلہ سے جو نبی رحمت ہیں۔ اے محمد (ﷺ)! تیرے وسیلے سے میں متوجہ ہوتا ہوں اپنے رب کی طرف، اپنی اس ضرورت میں تاکہ وہ میری ضرورت پوری فرمادے۔ اے اللہ! تو ہی میرا اسفارشی ہوجا۔“

ف: یہ وہ دعائے مبارک ہے کہ ایک اندھا آنحضرت ﷺ کے حضور میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ ”آپ ﷺ دعا کریں کہ میں بینا ہو جاؤں۔“ آپ ﷺ نے فرمایا کہ ”اگر صبر کرے تو بہتر ہے ورنہ میں دعا کروں۔“ اس نے کہا کہ ”آپ ﷺ دعا فرمادیں۔“ پھر آپ ﷺ نے فرمایا ”وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھ اور یہ دعا کر (جو اوپر گذری ہے)۔“ اس نے دعا کی اور اچھا ہو گیا۔ اسی طرح ہر حاجت مند کی دعا بے شک وشبہ قبول ہو سکتی ہے۔ اس دعا کو نسائی وترمذی وابن ماجہ وغیرہ نے عثمان بن حنیف سے روایت کیا ہے۔

یہ دعا عالم ربانی حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے فرزند حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب ”کمالات عزیزی“ میں درج ہے۔ اوپر درج آپ ﷺ کے فرمان سے ہمیں یہ سبق بھی ملتا ہے کہ ہم اللہ کی رضا میں راضی رہیں کیونکہ یہی بہتر ہے اور اگر کوئی مشکل آئے تو صبر کریں۔ مگر یہ مقام ہر کسی کا نہیں۔ ہماری حالت تو یہ ہے کہ گناہوں میں کوئی کسر نہ چھوڑیں گے مگر کوئی پریشانی آجائے تو فوراً اس کے دور کرنی کی ہر ممکن تدابیر کریں گے۔

یہ عمل اس حاجت کے لئے کیا جائے جو کہ کسی طرح پوری نہ ہو رہی ہو یا اس کا پورا ہونا بہت مشکل ہو یا مشکلات آرہی ہوں بشرط یہ کہ وہ حاجت جائز ہو، ناجائز نہ ہو۔ اگر یقین کامل سے اس عمل کو کیا جائے تو ناممکن بھی ممکن بن سکتا ہے، جس طرح آپ نے پڑھا کہ ایک نابینا کی بینائی واپس آگئی۔“ اس ”کُنْ فَيَكُوْنُ“ ذات پر یقین کامل رکھ کر اس عمل کو کریں۔ (خ)

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نور اللہ مرقدہٗ کے تکمیلِ حاجات کے مجرب اعمال

مرتب: اراکین دارالعمل چشتیہ، لاہور

حاجت روائی ..... حصول قبولیت محبت و ہیبت

فَالِقُ الْاِصْبَاحِ ۚ وَجَعَلَ الَّيْلَ سَكَنًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا ۚ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿٩٦﴾ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۗ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿٩٧﴾ (سورۃ الانعام: ۹۶-۹۷)

اگر لاجورد کے نگینے پر بدھ کے روز کندہ کر کے انگوٹھی پہنے تو ہر طرح کی حاجت روائی اور قبولیت اور محبت اور ہیبت لوگوں کی نظر میں پیدا ہوگی۔

نوٹ: کندہ کروانے کے لیے رابطہ فرمائیں: 0334-4312272

حاجت پوری ہو

امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے جس شخص کو کچھ حاجت ہو، پس چاہیے کہ لکھے ایک رقعہ، اس میں یہ عبارت ہو:

بسم اللہ الرحمن الرحیم من العبد الذلیل إلی الرب الجلیل رَبِّ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ (انبیاء: ۸۳)

پھر ڈال دے اس رقعہ کو پانی جاری میں اور کہے

اَللّٰهُمَّ بِمُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ وَصَحْبِهِ الْمَرْضِيِّيْنَ اِقْضِ حَاجَتِيْ يَا أَكْرَمَ الْأَكْرَمِيْنَ۔

اور اپنی حاجت کا نام لے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ حاجت اس کی پوری ہو جائے گی۔

کسی طرح کام کا اٹکنا

يَا بَدِيْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ يَا بَدِيْعُ

بارہ (۱۲) روز تک روز اس دعا کو بارہ ہزار (۱۲۰۰۰) مرتبہ پڑھ کر ہر روز دعا کیا کریں، ان شاء اللہ کیسا ہی مشکل کام ہو، پورا ہوگا۔

انجاح حاجت

تمام مشکلات کے حل کیلئے اسم ''یَا لَطِیْفُ'' بعد نمازِ عشاء گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) مرتبہ پڑھے، اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے اور پھر دعا کرے۔

سب حاجتیں پوری ہوں

نٓ (القلم: ۱) اور جتنے مفرد مقطعات حروف قرآن شریف میں ہیں، ان سب کو انگشتری پر کندہ کرا کر جو شخص اپنے پاس رکھے گا اس کی ان شاء اللہ تعالیٰ سب حاجتیں پوری ہوں گی اور خیر و خوبی میں بسر ہوگی۔

ہر مہم اور ہر غرض کے لیے

جس مہم اور جس غرض کے لیے چاہے، سورۂ انعام کو پڑھ کر دعا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ پوری ہوگی۔

کشادگی رزق و حاجت روائی

الکریم الوھاب ذو الطول: جس کی روزی تنگ ہو یا کوئی حاجت درپیش ہو اس کی کثرت سے فراخی و کار براری ہو۔

برائے حاجت روائی و غم

سورۂ نوح: اس کا ورد ہر قسم کی حاجت روائی اور غم اور ھم کے دفع ہونے کے لیے نافع ہے۔

نادِ علی، نظرِبد، عملیات شفائے امراض، تسخیرات اور غیبی مدد پر مستند اور انمول کتب

کتاب کا نام	مصنف کا نام	عام قیمت
نادِ علی فضائل و عملیات	صوفی محمد لطیف نقشبندی	90
تعویذات و عملیات نادِ علی	ڈاکٹر مصلح الدین	100
نادِ علی	ریاض جعفری	300
نادِ علی سے مشکلات کا حل	اقبال احمد مدنی	50
نادِ علی سے مشکلات کا حل	بشیر احمد قریشی	60
نادِ علی کی مدد سے مشکلات کا حل	پیر سید عبدالرحمن شاہ گیلانی	70
بیاض قلمی سید گامن شاہ	سید ولایت علی شاہ	280
مجموعہ عملیات (مترجم)		250
اسرارِ نادِ علی	الشیخ عبدالعلی ہروی طہرانی	60
نظر بد اور بندش کا توڑ	سید ذیشان نظامی	360
نظر بد کے عبرتناک واقعات	مولانا ارسلان بن اختر	250
نظر بد کی حقیقت اور اس کا علاج	ابن اسحاق غفاری	70
جادو ٹونے، مرگی اور نظر بد کا علاج	ابو سعید عبدالحنان	300
جادو، جنات اور نظر بد کا توڑ	محمد جمیل اختر لاہوری	135
استخارہ اور بدنظری کا علاج	خواجہ انیس اقبال	120
نظر و حسد	شیخ عابد بن عبداللہ الجہنی	20
نظر لگنے کی حقیقت اور اس کا علاج نبوی ﷺ	مفتی محمد رضوان	100
نظر بد سے بچاؤ کے طریقے اور علاج	عبداللہ بن محمد	180
نظر بد اور شر سے حفاظت	ڈاکٹر وقار یوسف عظیمی	500
امراض روحانی نمبر	مولانا حسن الہاشمی	600
کلید الحوائج	حکیم محمد شریف سعیدی	1200
عملیات مجربہ خاندان عزیزیہ	(مرتبہ: مولوی ظہیر الدینؒ)	240
بیاض یاسین (اول)	حکیم محمد یاسین خواجہ صدیقی	500
بیاض عملیات	شاد گیلانی	250
تاج خوش خیال	(حکیم سید محمود الحسن)	500
ذخیرہ عملیات	حکیم حافظ جمیل احمد جمیل انڈیا	300
قرآن سے شفا مگر کیسے	امام جلال الدین	50
القول الجمیل شرح شفاء العلیل	شاہ ولی اللہ محدث دہلوی	100
شفاء العلیل	حضرت شاہ ولی اللہ	90
شفاء المریض (اول)	مولانا امان اللہ (میلسی)	100
شفاء المریض (دوئم)	مولانا امان اللہ (میلسی)	180 net
بیماریوں سے شفایابی کا مسنون طریقہ		75
شفا کی دعائیں	ڈاکٹر فرحت ہاشمی	80net
شفائے امراض	صائمہ راٹھور	250
دست شفاء (ایک بیماری کے دس علاج)	عامل ڈاکٹر عبدالرحیم رند	350
عملیات آسیب (شفاء الامراض)	حکیم صوفی محمد عبدالغفور	270
مفتاح الشفاء	مولانا محمد احمد قادری	400
مجموعہ آیات قرآنی	مولانا حسن الہاشمی	210
عملیات تسخیر ہمزاد	حکیم عبدالحمید بیگ	300
عمل تسخیر نظر (روحانی مسمریزم)	تسخیر ہمزاد کے عجیب اعمال	250
عملیات شرالی	ڈاکٹر ایس ایس شاہ	1100
عمل تسخیر جنات	ڈاکٹر مشہور عامل پیر	300
غوثیہ قلمی ڈائری	محمد سلیم قادری ساہیوال	850
لوح تسخیر ہمزاد	عامل کامل باوا رتن چند ملہوترہ	300
معدنِ کرامت	(سید محبوب علی شاہ صاحب)	280
ہمزاد نمبر	مولانا حسن الہاشمی	750
موکلات نمبر	مولانا حسن الہاشمی	800
نفلی عبادات سے غیبی مدد	محمد الیاس عادل	130
توبہ استغفار سے غیبی مدد	محمد الیاس عادل	130
وظائف سے غیبی مدد	محمد الیاس عادل	120
ذکر الٰہی سے غیبی مدد	محمد الیاس عادل	130
خوف خدا سے غیبی مدد	محمد الیاس عادل	130
درود شریف سے غیبی مدد	محمد الیاس عادل	130
نماز پنجگانہ و اذکار سے غیبی مدد	محمد الیاس عادل	120
طب نبوی سے غیبی مدد	محمد الیاس عادل	120

اولیاء اللہ اور بزرگانِ دین کے تکمیلِ حاجات کے مجرب اعمال

مرتب: اراکین دار العمل چشتیہ، لاہور

حضرت امام ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ

ہر حاجت پوری ہو

اگر بوقت طلوع آفتاب، ایک مرتبہ حزب البحر معمول میں رکھیں تو جو حاجت ہو، وہ پوری ہوگی۔

٭..............٭..............٭..............٭

امام غزالی نور اللہ مرقدہ

برائے حاجت برآری

تین دن روزے رکھو، ریاضت کی شرطوں کے ساتھ۔ اور تیسرے روزے صبح کی نماز کے بعد اسماء کے حروف کو جدا جدا مشک، عرق گلاب، زعفران یا بارش کے پانی سے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر، بائیں ہاتھ سے لکھو۔ اور اسی طرح بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر دائیں ہاتھ سے لکھو۔ پھر دو رکعت نماز پڑھو اور اپنے ہاتھوں کو آسمان کی طرف اٹھاؤ (یعنی دعا کے لئے ہاتھ اٹھاؤ) اور اللہ تعالیٰ سے سچی اور خالص نیت سے سوال کرو۔ ضروری ہے کہ نیت اور عمل ساتھ ساتھ ہوں۔ اور نیت (توجہ) اول سے آخر تک کسی دوسری حاجت کی جانب مبذول نہ ہو اور اپنی حاجت اور ضرورت کا نام لے کر دعا کرے۔ اور کہے "یا اللہ! آپ ان تمام اسرار کے وسیلے سے میری حاجت کو پورا فرما دیں" اور اس مذکورہ دعا کو بار بار دہراؤ تو تم اپنی مجلسِ دعا سے فارغ بھی نہ ہوگے کہ اللہ تعالیٰ تمہاری حاجت پورا فرما دیں گے اور بغیر کسی شک کے، دعا مقبول ہوگی۔ اور مندرجہ ذیل نقش کو لکھ کر اپنے سجدے کی جگہ رکھ دو۔ اور اسماء یہ ہیں: اسحس سعطف

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

ع ص ح

٭..............٭..............٭..............٭

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

ہر حاجت پوری ہو

جب کوئی حاجت پیش آوے تو سورۂ فاتحہ کو اکتالیس (۴۱) بار فجر کی سنت اور فرض کے درمیان میں پڑھ۔

٭..............٭..............٭..............٭

حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ

ہر قسم کی مہم و حاجت کے لیے

اگر کسی کو کوئی مہم پیش آئے تو سورۂ یٰسین شریف پڑھیں۔ اور ہر مبین پر پہنچ کر سات بار سورۂ فاتحہ مع تسمیہ اول و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔

تمام حوائج و مصائب کے لئے

تین سو اکتالیس (۳۴۱) بار حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ہر روز صبح کی نماز کے بعد پابندی سے پڑھے۔

٭..............٭..............٭..............٭

مولانا الحاج حافظ رشید احمد گنگوہی قدس سرہ العزیز

ہر قسم کی حاجات اور کشائش رزق

جو لوگ پریشانی میں مبتلا ہوتے تھے، ان کو اکثر آپ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ (آل عمران:۱۷۳) پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ نمازِ عشاء کے بعد سوتے وقت پڑھنے کے لیے تعلیم فرماتے تھے۔ اور اگر اس وقت نہ ہوسکے تو جس وقت بھی ممکن ہوسکے اور ایک دفعہ نہ ہوسکے تو متفرق اوقات میں اس کو پورا کر کے دعا مانگ لیا کریں اور اگر پانچ سو مرتبہ نہ ہوسکے تو سو (۱۰۰) مرتبہ ضرور پڑھ لیا کریں۔ اور اگر سائل بہت ہی زیادہ پریشانی میں مبتلا ہوتا تو تعداد اٹھا دیتے اور یوں فرمایا کرتے تھے کہ "چلتے پھرتے، اٹھتے بیٹھتے، وضو بے وضو اس کو جتنا ہوسکے، پڑھتے رہو" سینکڑوں لوگوں نے اس پر عمل کیا اور کامیاب ہوئے۔

حضرت مولانا عاشق الٰہی میرٹھی رحمۃ اللہ علیہ

ہر حاجت پوری ہو خصوصاً رزق کے متعلق

سورۃ الواقعہ کو ایک ہی مجلس میں اکتالیس بار (۴۱) پڑھنے سے حاجت پوری ہو۔ بالخصوص جو رزق سے متعلق ہو۔

ولایت علی صاحب پھلتی رحمۃ اللہ علیہ

برائے حل مطلب

اس دعا کو سات یوم تک لکھ کر دریا میں ڈالے:

یاحنّان۔ یا منّان۔ یاسلطان۔ یاغفران۔ یابدیع السمٰوٰت و الارض۔ یاذوالجلال والاکرام برحمتك یاارحم الرّاحمین۔

قطب عالم سید محمد حقی نازلی رحمۃ اللہ علیہ

مطلب ومقصد حاصل ہو

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ (الانبیآء:۸۷)

اگر کوئی شخص اپنا مطلب ومقصد حاصل کرنے سے عاجز ہو یا کسی مصیبت میں مبتلا ہو اور اس سے نجات کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو یا اپنے منصب سے معزول ہوگیا ہو تو اکتالیس (۴۱) مرتبہ روزانہ پڑھا کریں۔

نیک مقاصد پورے ہوں

جو شخص سات سو اٹھاسی (۷۸۸) مرتبہ مداومت کے ساتھ نیت خالص سے پڑھتا رہے گا، اس کے تمام نیک مقاصد بحکم الٰہی برآئیں گے۔

غوث محمد گوالیاری رحمۃ اللہ علیہ

حاجت پوری ہونے کا خاص عمل

سُبْحَانَكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ یَارَبَّ كُلِّ شَیْءٍ وَّوَارِثَهٗ وَرَازِقَهٗ وَرَاحِمَهٗ ہر روز تین ہزار اکتالیس (۳۰۴۱) مرتبہ روز پڑھے۔ شروع اتوار کے روز ساعتِ شمس یعنی طلوع آفتاب سے کرے۔ اگر خدانخواستہ پہلے چلہ میں مقصد پورا نہ ہو تو تین چلے اسی تعداد میں پورے کرے۔ ان شاء اللہ مقاصد اس کے پورے ہوں گے۔

حضرت مولانا محمد یاسین رحمۃ اللہ علیہ

برائے تسخیر وحاجت براری

"کٓھٰیٰعٓصٓ کُفِیتُ" اس طرح پڑھے کہ "کٓھٰیٰعٓصٓ" کے ہر حرف

پر داہنے ہاتھ کی انگلیاں بند کرتا چلا جائے۔ پھر ''حٰمٓ عٓسٓقٓ حمیث'' کو اس طرح پڑھے کہ ''حٰمٓ عٓسٓقٓ'' کے ہر حرف پر بائیں ہاتھ کی انگلیاں بند کرنا ہے۔ پھر اسی طرح دونوں ہاتھوں کی انگلیاں بند رکھے، جس شخص سے حاجت متعلق ہو اس کے سامنے جا کر انگلیاں کھول دے۔

برائے ہر مہم و حاجت

سورۂ یٰسین مہینہ کے پہلے یکشنبہ کے روز بعد نمازِ صبح، طلوعِ آفتاب سے پہلے اس طرح پڑھے کہ جب اس سورت میں پہلے مبین پر پہونچے تو پھر از سرِ نو سورت شروع کرے۔ اور جب دوسری مبین پر پہونچے تو پھر از سرِ نو شروع کرے۔ جب تیسرے مبین پر پہونچے تو از سرِ نو شروع کرے۔ اس سورت میں سات مرتبہ لفظ مبین آیا ہے۔ اس طرح سات مرتبہ یہ سورت پڑھی جائے گی اور عمل طلوعِ آفتاب سے پہلے ختم کیا جائے۔ کم از کم سات روز یہ عمل بلا ناغہ جاری رکھے۔

برائے حاجت براری از حکام

آیت سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿۵۸﴾ (یٰس:۵۸) کو چند بار پڑھ کر انگشت شہادت پر دم کریں۔ پھر سر کے بالوں سے پیشانی پر بہ بینی تک اس انگلی سے خط کھینچ کر جس کے سامنے جائے، ان شاء اللہ وہ اس کی حاجت پوری کرے گا۔

برائے ہر مہم و حاجت

يَا بَدِيْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ يَا بَدِيْعُ ۔ بارہ سو (۱۲۰۰) مرتبہ بارہ (۱۲) روز تک پڑھے۔

..................*.........*

حضرت مولانا شاہ عین القضاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

مقصد میں کامیاب

روزانہ نمازِ تہجد ادا کرکے پڑھیں۔ یہاں تک کہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو جائیں۔ ہر آیت کو سو سو مرتبہ پڑھیں اور سجدے میں جا کر دعا کریں۔

۱) لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

۲) رَبِّ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ

۳) وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ

۴) حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ

۵) يَا رَبِّ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ

..................*.........*

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع رحمۃ اللہ علیہ

ہر مشکل اور ہر حاجت کے لئے

جو شخص بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو بارہ ہزار (۱۲۰۰۰) مرتبہ اس طرح پڑھے کہ ہر ایک ہزار (۱۰۰۰) پورا کرنے کے بعد درود شریف کم از کم ایک مرتبہ پڑھے اور اپنے مقصد کے لئے دعا مانگے۔ پھر ایک ہزار (۱۰۰۰) اور اسی طرح پڑھ کر مقصد کے لئے دعا کرے۔ اسی طرح بارہ ہزار (۱۲۰۰۰) پورے کر دے تو ان شاء اللہ، ہر مشکل آسان اور ہر حاجت پوری ہوگی۔

ہر مشکل اور ہر حاجت کے لئے

بسم اللہ کے حروف کے عدد سات سو چھیاسی (۷۸۶) ہیں۔ جو شخص اس عدد کے موافق سات (۷) روز تک متواتر بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھا کرے اور اپنے مقصد کے لئے دعا کیا کرے، ان شاء اللہ مقصد پورا ہوگا۔

..................*.........*

حضرت مولانا شفیق الرحمٰن درخواستی رحمۃ اللہ علیہ

قضائے حاجات کیلئے

سورۃ یٰسین کے خصوصی ورد کا طریقہ: نمازِ جمعہ کے بعد قبلہ رو ہو کر تین بار سورۃ یٰسین پڑھیں۔ پہلی مبین پر سورۃ اخلاص تین بار، دوسری مبین پر سورۃ کوثر تین بار، تیسری مبین پر سورۃ الم نشرح تین بار، چوتھی مبین پر سورۃ فاتحہ تین بار، پانچویں مبین پر اللہ لطیف بعبادہ یرزق من یشاء وھو القوی العزیز تین بار، چھٹی مبین پر یاحی یا قیوم لا الہ الا انت برحمتک استغیث تین بار، ساتویں مبین پر اللّٰھم وسع فی رزقی وسعۃ لااحتاج الی احد من خلقک تین بار، پھر سورۃ مکمل کریں۔

قضائے حاجات کیلئے

بعد نماز فجر تین سو تیرہ مرتبہ (۳۱۳) سلام قولا من رب رحیم۔ اس سے بھی مقصد پورا ہوگا۔

ہر مطلب حاصل ہو

سورۃ یٰس اس ترکیب سے پڑھیں کہ اس میں سات مبین ہیں تو ہر لفظ مبین سے از سرِ نو شروع کرے۔ اس طرح سورۃ کو ختم کرے۔ پھر سر ننگا کر کے سجدہ میں جا کر اپنی ضرورت کا نہایت عاجزی وانکساری سے سوال کرے۔ مطلب کے حاصل ہونے تک ایسا کرے۔

قضائے حاجات کے لیے

سورہ النصر اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھیں۔ اس ترکیب سے بعد نمازِ فجر نو (۹) مرتبہ اور باقی چار نمازوں کے بعد آٹھ (۸) مرتبہ پڑھیں اور اس پر دوام کریں۔ یا بعد نمازِ فجر پندرہ (۱۵) مرتبہ، بعد نماز ظہر دس (۱۰) مرتبہ اور بعد عصر سات (۷) مرتبہ اور بعد مغرب پانچ (۵) مرتبہ اور بعد عشاء تین (۳) مرتبہ پڑھیں۔

قضائے حاجات کے لیے

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ط عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ﴿۱۲۹﴾ (التوبہ:۱۲۹) کی ایک تسبیح (۱۰۰) صبح کو پڑھے۔

قضائے حاجات کے لیے

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ۔ فَنِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ۔ پانچ تسبیح (۵۰۰) روزانہ پڑھیں۔

............*......*......*

حضرت مولانا سید زوار حسین شاہ نور اللہ مرقدہٗ

برائے حصول جمیع مقاصد وحل مشکلات دینی ودنیاوی

برائے حصول جمیع مقاصد وحل مشکلات دینی ودنیاوی مجرب ہے۔ اول وآخر درود شریف سو مرتبہ درمیان میں حَسْبُنَا اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْوَکِیْلُ صرف پانچ سو مرتبہ روزانہ پڑھنا چاہئے۔ حتیٰ کہ مقصد حاصل ہو جائے اور مشکلات حل ہو جائیں۔ اس ختم کا ثواب بروح پرفتوح حضرت ممدوح رحمہ اللہ کو بخش کر اپنی حاجات کے لئے بواسطہ جناب ایشاں بارگاہ الٰہی جل شانہ سے استدعا کرے۔ ان شاء اللہ مطالب سرانجام پائیں گے۔

برائے حاجت روائی

حاجت روائی کے لئے سورۂ فاتحہ اس طرح پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کی میم کو الحمد کے لام سے ملا دے۔ اتوار کے دن فجر کی سنت اور فرض کے درمیانی وقفہ میں شروع کرے۔ پہلے دن ستر بار اور دوسرے دن ساٹھ بار اور تیسرے دن پچاس بار، اسی طرح ہر روز دس بار کم کرتا جائے یہاں تک کہ ہفتہ کے دن دس بار پڑھے۔ ان شاء اللہ جو حاجت ہوگی، پوری ہوگی۔

............*......*......*

ولایت علی صاحب پھلتی رحمہ اللہ

برائے حل مطلب

اس دعا کو سات یوم تک لکھ کر دریا میں ڈالے۔

یاحنّان. یا منّان. یاسلطان. یاغفران. یابدیع السمٰوٰت و الارض. یاذوالجلال والاکرام برحمتك یاارحم الرّاحمین.

حضرت شاہ کلیم اللہ جہاں آبادی نور اللہ مرقدہ

دینی و دنیاوی حاجات کے لئے

صبح کی نماز کے بعد دینی و دنیاوی حاجات کے لئے ستر بار یَا وَھَّابُ اور یہ پڑھیں اَللّٰھُمَّ زِدْ نُوْرِنَا وَ زِدْ سُرُوْرِنَا وَ زِدْ حُضُوْرِنَا وَ زِدْ مَعْرِفَتِنَآ وَزِدْ طَاعَتِنَا وَ زِدْ نِعْمَتِنَا وَ زِدْ مَحَبَّتِنَآ وَ زِدْ عِشْقِنَا وَ زِدْ شَوْقِنَا وَ زِدْ ذَوْقِنَا وَ زِدْ عِلْمِنَا وَ زِدْنَا یَا مَوْلَانَا بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ.

مولانا حکیم سید شاہ عبدالحیٔ اشرف رحمہ اللہ

جائز حاجت پوری ہو

بروز سنیچر بعد نمازِ عشاء، چار رکعت پڑھے۔ اول رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے دس (۱۰) بار سورۂ اخلاص، دوسری میں بیس (۲۰) بار، تیسری میں تیس (۳۰) بار اور چوتھی میں چالیس (۴۰) بار پڑھے۔ بعد سلام سات (۷) بار درود شریف پڑھے۔ پچھتر (۷۵) بار اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ اور پچھتر (۷۵) بار سورۂ اخلاص پڑھ کر دعا مانگے۔ بہتر ہے کہ ہر سنیچر کو پڑھے۔

ڈاکٹر سید محمد مظاہر اشرف الاشرفی الجیلانی رحمہ اللہ

جائز حاجت پوری ہو

جو شخص نمازِ فجر سے نمازِ اشراق تک ہر روز چالیس (۴۰) مرتبہ یہ آیت پڑھتا ہے، وہ جو کچھ جائز حاجت کیلئے اللہ سے دعا مانگے گا، ضرور پوری ہوگی۔

جائز حاجات کے پورا ہونے کیلئے

روزانہ تین سو (۳۰۰) مرتبہ یہ عمل کریں۔ ان شاء اللہ جلد ہی جائز حاجات پوری ہوں گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لا الہ الا انت سبحانك انی کنت من الظالمین یا لطیف الطف بلطفك احفظنی وادرکنی کل حاجات۔

ابن کلیم احسن نظامی رحمۃ اللہ

حاجت روائی

سورۂ رحمٰن ہر قسم کی حاجت روائی کے لیے بہت اکسیر ہے۔ حاجت کے لیے اس سورت کو گیارہ روز تک روزانہ گیارہ بار پڑھے، ان شاء اللہ حاجت پوری ہوگی۔

جائز حاجت پوری ہو

اگر کسی شخص کو کوئی حاجت درپیش ہو تو وہ چار رکعت نوافل کو اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ حشر پڑھے۔ اور اس طرح گیارہ روز عمل جاری رکھے۔ ان شاء اللہ، جائز حاجت پوری ہوگی۔

عاملین کاملین کی قلمی بیاضیں، مجربات، عملیات، سحر جادو کے توڑ پر قدیم نایاب فوٹوسٹیٹ کتب کا ذخیرہ

تمام کتب پر خصوصی 10% ڈسکاؤنٹ، ممبران کیلئے 20% ڈسکاؤنٹ

1 بیاض قلندری
مرتبہ واستخراج: فیصل حمید
مجرب نقوش اور جامع وسریع الاثر الواح۔
عام قیمت: 600 روپے

2 بیاض رفاعی (کتاب الرفاعی)
جناب غلام قادر الرفاعی
بیاض عملیات ومجربات حب۔
قیمت: 1000 روپے

3 بے مثال وظیفہ
حسن المرتضیٰ خاور
صبح وشام پڑھنے کیلئے ایک بہترین وظیفہ اور دعا۔
قیمت: 200 روپے

4 بندش کیسے لگتی ہے؟
(مطلوب العالمین)
ملازم حسین صاحب ماہر علوم روحانی
قیمت: 640 روپے

5 بحر العملیات کامل 3 حصے
سید مہدی نقوی
ایک حیران کن کتاب۔
قیمت: 850 روپے

6 بیاض فیصل
راجہ فیصل حمید نقشبندی
قیمت: 640 روپے

7 بیاض نینوی
حاجی احمد نینوی
قیمت: 500 روپے

8 بیاض قلمی سید گامن شاہ
سید ولایت علی شاہ قیصر آس حق باھو
قیمت: 280 روپے

9 پراسرار تحریریں (علم عمل)
ڈاکٹر ایم اے قریشی
قیمت: 400 روپے

10 بیاض اکسیر العین زاہدی
عامل زاہد محمود لاہوری
قیمت: 850 روپے

11 رؤف الطالع
حافظ عبد الرؤف
قیمت: 500 روپے

12 بے مثال عامل
بیگم خورشید اشرف
قیمت: 1000 روپے

13 بیاض غوثیہ (حصہ اول)
یَا مَلٰئِکَۃُ کُلُّکُمۡ بِاَمۡرِ اللّٰہِ اَنۡ تُغِیۡثُوۡنِیۡ وَتُعِیۡنُوۡنِیۡ وَاَنۡ تَمُدُّوۡنِیۡ فِیۡ مُرَادِیۡ وَمَقۡصُوۡدِیۡ وَاحۡفِظُوۡلِیۡ مَالِیۡ وَوَلَدِیۡ وَوَالِدِیۡ وَذُرِّیَّاتِیۡ وَاِخۡوَانِیۡ وَاَحِبَّائِیۡ وَاَصۡدِقَائِیۡ وَمَا اَحَاطَتۡ عَلَیۡہِ شَفَقَتُ قَلۡبِیۡ مِنۡ اٰفَاتِ الدُّنۡیَا وَالۡاٰخِرَۃِ وَمِنۡ نُحُوۡسَاتِہِمۡ مِنۡ نُحُوۡسَاتِ الزُّحَلِ وَالۡمُشۡتَرِیۡ وَالۡمِرِّیۡخِ وَالشَّمۡسِ وَالزُّہۡرَۃِ وَالۡعِطَارِدِ وَالۡقَمَرِ وَالرَّاسِ وَالذَّنۡبِ وَالۡاِکۡلِیۡلِ وَمِنۡ شَرِّ کُلِّ ذِیۡ شَرٍّ مِّنَ الۡجِنِّ وَالۡاِنۡسِ وَالشَّیَاطِیۡنِ سَاحِرٍ وَّفَاجِرٍ وَّظَالِمٍ وَّبَاغٍ وَّطَاغٍ وَّمَارِدٍ وَّمُعَانِدٍ وَّنَاطِقٍ وَّسَاکِتٍ وَّمُتَحَیِّرَۃٍ وَّسَاکِنَۃٍ وَّہَامَّۃٍ وَّشَامَّۃٍ وَّلَامَّۃٍ وَّذَکَرَۃٍ وَّاُنۡثٰی۔ وَمِنۡ اٰفَاتِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ، وَشَرِّی الۡبَرِیَّۃِ وَالۡبَحۡرِیَۃِ اَجۡمَعِیۡنَ، وَاعۡمُوۡا اَبۡصَارَہِمۡ وَاقۡبِضُوۡا لِسَانَہِمۡ وَاَیۡدِیَہُمۡ وَعَلِّمُوۡنِیۡ عِلۡمَ الَّذِیۡ یَکُوۡنُ نَافِعًا وَّصَرۡفًا عَلٰی جَمِیۡعِ الۡعُلُوۡمِ۔ وَاَعۡطُوۡنِیۡ رِزۡقًا حَلَالًا طَیِّبًا وَّجَلَّبۡتُکُمۡ لِجَلۡبِ قُلُوۡبِ الۡخَلۡقِ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ بِالۡمُوَدَّۃِ وَالۡمُحَبَّۃِ اِلَیَّ فَانۡصُرُوۡنِیۡ نُصۡرَۃً عَلٰی سَائِرِ الۡاَعۡدَاءِ وَاخۡبِرُوۡنِیۡ مَافِی الۡحَوَادِثِ الۡخَیۡرِ وَشَرِّ قَبۡلَ الۡوَقۡتِ الۡوُقُوۡعِ وَمَا اَطۡلُبُ مِنۡ اَخۡبَارِ الۡعَالَمِ۔ اَلۡعَجَلِ الۡعَجَلَ الۡعَجَلَ الۡوَحَا الۡوَحَا الۡوَحَا السَّاعَۃَ السَّاعَۃَ السَّاعَۃَ بِحَقِّ سَیِّدِ الۡاَبۡرَارِ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ وَاٰلِہٖ وَصَحۡبِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ بِحَقِّ سُلَیۡمَانَ بِنۡ دَاوٗدَ عَلَیۡہِمَا السَّلَامُ بِرَحۡمَتِکَ یَا اَرۡحَمَ الرّٰحِمِیۡنَ اَللّٰہُمَّ سَخِّرۡ لِیۡ اَعۡدَائِیۡ کَمَا سَخَّرۡتَ الرِّیَاحَ لِسُلَیۡمَانَ عَلَیۡہِ السَّلَامُ وَلَیِّنۡہُمۡ کَمَا لَیَّنۡتَ الۡحَدِیۡدَ لِدَاوٗدَ عَلَیۡہِ السَّلَامُ وَذَلِّلۡہُمۡ کَمَا ذَلَّلۡتَ فِرۡعَوۡنَ لِمُوۡسٰی عَلَیۡہِ السَّلَامُ وَقَہِّرۡہُمۡ کَمَا قَہَّرۡتَ اَبَاجَہۡلٍ لِمُحَمَّدٍ عَلَیۡہِ السَّلَامُ وَبِحَقِّ کٓہٰیٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ صُمٌّ بُکۡمٌ عُمۡیٌ فَہُمۡ لَا یَرۡجِعُوۡنَ صُمٌّ بُکۡمٌ عُمۡیٌ فَہُمۡ لَا یَسۡمَعُوۡنَ صُمٌّ بُکۡمٌ عُمۡیٌ فَہُمۡ لَا یَعۡلَمُوۡنَ صُمٌّ بُکۡمٌ عُمۡیٌ فَہُمۡ لَا یَعۡقِلُوۡنَ صُمٌّ بُکۡمٌ عُمۡیٌ فَہُمۡ لَا یُبۡصِرُوۡنَ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ فَسَیَکۡفِیۡکَہُمُ اللّٰہُ وَہُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیۡرِ خَلۡقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ۔

تکمیل حاجات کے سریع التاثیر اعمال

حکیم صوفی عبدالرؤف نظامی

حمد وثناء اللہ جل شانہٗ کے لیے خاص ہے جو رب العلمین ہے اور بے شمار درود سلام ہو جناب رسالت مآب، حبیب کبریا احمد مجتبیٰ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کی آل اطہار اور آپ کے صحابہ کرامؓ پر۔

قرآن الحکیم دکھی انسانیت سے نجات دہندہ کی حیثیت رکھتا ہے مگر اسی صورت میں کہ جب انسان اس کی تعلیمات پر عمل پیرا بھی ہو اور قرآن پر عمل پیرا ہونے کا واحد طریقہ یہ ہے کہ انسان اپنی صبح وشام کو قرآنی اصولوں پر ڈھال لے اور اپنی حیات کو اللہ کریم کے تابع کر دے۔

قرآنی آیات کے ورد سے بھی ہم بہت سے بلکہ تمام دکھوں کا مداوا کر سکتے ہیں مگر اس ورد ظیفے کا مطلب رہبانیت کا اختیار کر لینا اور حجرہ نشین ہو جانا ہر گز نہیں ہے۔ گو کلام الٰہی اور اسمائے ربانی میں بے پناہ قوت ہے۔ قرآن الحکیم میں ایسی آیات اور ایسے اسماء موجود ہیں کہ جن کا ورد کرنے سے حجرے میں بیٹھے بیٹھے ہر خواہش پوری ہو سکتی ہے اور ان کے حوالے سے جو بھی طلب کیا جائے مل سکتا ہے مگر یہ کوئی احسن قدم نہیں ہو گا کیونکہ اللہ کریم نے انسان کو جہاں دعا مانگنے کا حکم دیا ہے، اس کے ساتھ مادی لحاظ سے بھی جہد وسعی کرنے کا حکم دیا ہے۔ اس لیے دعا و وظیفہ کے ساتھ دنیاوی وظاہری اسباب بھی اپنی حد وسعت کے ساتھ اختیار کریں۔ ذیل میں چند ایک تکمیل حاجات کے لیے اعمال دیئے جا رہے ہیں۔ آپ کا کوئی بھی مسئلہ ہو، ان شاء اللہ العزیز آپ کا ہر مسئلہ اللہ رب العزت کے اس پاک اور لافانی کلام اسمائے ربانی کی برکت سے یقیناً حل ہو جائے گا۔

تکمیل حاجات نمبر

وظیفہ کا مکمل طریقہ وترکیب درج ذیل ہے:

(۱) سب سے پہلے نقش مبارکہ کو نیک وقت میں زعفرانی سیاہی سے بنالیں۔

(۲) رات 12 بجے کے بعد وظیفہ کریں۔

نقش مبارکہ کو پاک کپڑے کی دھجی میں باندھ کر سر پر باندھیں اور بائیں پیر پہ دایاں پیر رکھ کر 11 سو بار پڑھیں۔

یاعزیز من کل عزیز بحق یاعزیز

اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ننگے سر زیر آسمان، تصور مکمل اور تنہائی رات 12 کے بعد۔

وظیفہ مکمل کر کے اللہ رب العزت سے اپنے مقصد کے حصول کی دعا نہایت عاجزی وانکساری سے مانگیں پھر تعویذ سرہانے رکھ کر سو جائیں۔ صبح نماز کے بعد تعویذ کپڑے میں سے کھول کر سخت آٹے کے گولے میں لپیٹ کر نہر میں ڈال آئیں، اگر نہر نزدیک نہیں ہے تو ان کو پاک جگہ دفن کر دیں۔ دوران وظیفہ نماز کی پابندی اور گناہوں سے پرہیز ضروری ہے۔ مدت وظیفہ اپنے کام کی نوعیت کے مطابق کریں۔ 3 دن، 11 دن، 21 دن، 41 دن۔

۷۸۶

۲۷	۵۸	۹
۴۹	جو مراد ہو لکھیں	۴۵
۱۸	۳۶	۴۰

کشادگی رزق اور کاروبار تمام مقاصد کے حل کے لئے

صلی علی محمد یاحی یاقیوم

کتنی بڑی مشکل ہو تین روز میں آسان ہو جاتی ہے، یقین کامل اور توجہ کاملہ سے پڑھے۔ ان شاء اللہ کامیابی حاصل ہو گی۔

پہلے دو رکعت نماز قضائے حاجت پڑھیں پھر رخ بقبلہ تسبیح یکصد دانوں کی لے کر کھڑے ہو جائیں، دائیں طرف گردن گھما لیں، گیارہ بار درود

شریف پڑھ کر پانچ صد بار پڑھیں۔گردن دائیں طرف سے بائیں طرف گھمالیں اور پانچ صد بار پڑھ کر بیٹھ جائیں، گردن سیدھی کرلیں یعنی رخ بقبلہ ہو جائیں، دوزانو یا چارزانو بیٹھ کر ایک سو بار پڑھ کر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر سکون سے قلبی طور پہ اپنے مطلب کو دہرائیں پھر چند منٹ بیٹھے رہیں پھر کسی سے بات کیے بغیر سو جائیں۔صبح بوقت اذان بیدار ہو سکے توغسل کریں ورنہ ضو کر کے 500بار اول آخر گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔اس کے بعد نماز پڑھیں۔نوچندی جمعرات کی شب سے شروع کریں۔متواتر اکیس روز پڑھیں، اگر پرہیز جلالی کے ساتھ احرام میں ملبوس ہو کر پڑھیں تو ممکنات سے ہے کہ آپ کا روزینہ مقرر ہو جائے ورنہ کاروبار میں اتنی ترقی ہوگی کہ آپ کو سنبھالنا مشکل ہو جائے گا، روزانہ 500بار پڑھنے کا ورد بنالیں یا ہر نماز کے بعد ایک سو بار پڑھیں۔بغض وحسد، کینہ پروری اور انتقامی جذبات سے قلب وذہن کو پاک کریں پھر کوئی عمل کریں۔

....................*..........*

کاروبار اور رزق کی ترقی کے لیے

"صل علی محمد یا ذوالجلال والاکرام" پڑھنا عظیم فوائد رکھتا ہے۔گیارہ سو (۱۱۰۰) بار کسی بڑے کام کی پریشانی ہو تو ننگے سر باوضو زیر آسماں پڑھنا فوری فائدہ پہنچاتا ہے۔

"صل علی محمد یاوھاب من کل وھاب بحق یاوھاب هب لی من نعمة الدنیا والاخرة انك انت الوھاب"

ہر نماز کے بعد سولہ (۱۶) بار اسی طرح پڑھا کریں۔اگر رات کو سونے سے پہلے کم ازکم ایک سو چھیانوے (۱۹۶) بار ورنہ تین سو تیرہ (۳۱۳) بار روزانہ پڑھا کرے، ان شاء اللہ دین و دنیا دونوں سنور جائیں گے۔

....................*..........*

استاذِ مکرم عامل کامل حضرت مولانا خواجہ یٰسین صاحب مدظلہ العالی کے تکمیلِ حاجات کے مجرب اعمال

مرتب: خالد مقبول حفظہ اللہ

قضائے حاجات، غم و پریشانیاں دور

عطیہ مولانا محمد موسیٰ خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ روحانی بازی، شیخ التفسیر والحدیث، جامعہ اشرفیہ، لاہور

اگر کسی کو کوئی ایسی حاجت ہو جو کسی بھی طرح سے پوری نہ ہوتی ہو تو ایسی صورت میں چاہئے کہ وہ جمعہ کے دن دو رکعت نماز نفل اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے۔ پھر نماز کی ادائیگی کے بعد گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے اور گیارہ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے۔ اس کے بعد ایک ہزار مرتبہ یہ کلمات مبارک کہے۔ اس کے بعد اپنی حاجت کیلئے دعا مانگے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور حاجت پوری ہوگی۔ قضائے حاجت کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ کلمات مبارکہ یہ ہیں یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ۔ خلوصِ دل سے پڑھے۔ حافظ ثناء اللہ صاحب رحمہ اللہ (ہلوکی، لاہور والوں) نے بھی اس فقیر غلام یاسین کو فرمایا کہ حضرت مولانا محمد موسیٰ خان صاحب قدس سرہ العزیز نے مجھے اس طرح پڑھنے کا بتلایا جو بہت مجرب ہے۔

تمام پریشانیوں سے نجات، ہر مقصد پورا

تمام مشائخ، تمام اکابر اولیاء اللہ کا تیر بہدف مجرب المجرب کامیاب عمل۔ روزانہ بارہ دن ایک وقت مقرر کرکے پاکیزہ کامل طہارت کے ساتھ چودہ مرتبہ اول آخر درود شریف نماز والا اور یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ بارہ سو (۱۲۰۰) مرتبہ پڑھ کر بارگاہِ الٰہی میں یکسوئی کے ساتھ، عاجزی اور زاری سے دعا مانگ لیا کریں۔ جس مقصد کیلئے پڑھیں گے، کامیاب ہوں گے۔

ختم خواجگان چشت کا طریقہ

ہر مشکل اور مہم کے واسطے۔ پہلے وضو کرکے قبلہ کی طرف منہ کرکے بیٹھے، پہلے دس بار درود شریف (اگر نماز والا درود شریف ابراہیمی پڑھے تو بہتر ہے) ورنہ جو درود شریف آسانی سے پڑھ سکے، پڑھے۔ اس کے بعد تین سو ساٹھ (360) بار لَا مَلْجَاءَ وَلَا مَنْجَاءَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَیْهِ پڑھ کر سورۃ الم نشرح تین سو ساٹھ (360) بار پڑھے۔ پھر یہی دعائے مذکور لَا مَلْجَاءَ وَلَا مَنْجَاءَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَیْهِ تین سو ساٹھ (360) بار اور درود شریف دس بار پڑھ کر ختم کرے اور اپنی مراد خدا سے مانگے۔ اسی وقت اس کی دعا قبول ہوگی۔ (کلیات امدادیہ ص 65، عملیات اکابر ص 37)

مولانا محمد ادریس انصاریؒ نے فرمایا مجھے اس ختم خواجگان چشتیہ کی اجازت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریاؒ سے ملی۔ مولانا ادریس صاحبؒ فرماتے تھے آخر میں درود شریف بھی تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھیں۔ بندہ ناچیز فقیر یاسین کو بھی اس طرح اجازت فرمائی۔ بہ شرح صدر مقاصد دینی و دنیاوی حل مشکلات کیلئے اکسیر اعظم کا حکم رکھتا ہے۔

حل مشکلات اور تحصیل مطلب کے واسطے درود ناریہ

اس کا نام درود ناریہ تفریجیہ بھی ہے۔ سرعت تاثیر میں مثل شعلہ ناریہ کے ہے اور اس کی مقدار 4444 بار ہے۔ درود یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ صَلٰوةً كَامِلَةً وَّسَلِّمْ سَلَامًا تَامًّا عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ تَنْحَلُّ بِهِ الْعُقَدُ تَنْفَرِجُ بِهِ الْكُرَبُ وَتُقْضٰى بِهِ الْحَوَائِجُ وَ تُنَالُ بِهِ الرَّغَائِبُ وَ حُسْنُ الْخَوَاتِمِ وَ يُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهِ الْكَرِيْمِ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ فِيْ كُلِّ لَمْحَةٍ وَّنَفَسٍ بِعَدَدِ

كُلِّ مَعْلُوْمٍ۔

نیز یہ اصل درود شریف ہے (اسرار قدسی ص ۲۶۰۲۵)

تفریج وکروب وتحصیل مطلوب کیلئے عدد مذکور کے ساتھ بہت مفید ہے۔ ہر دن گیارہ بار پڑھنا وسعت رزق کیلئے مجرب ہے۔ جو شخص اس کو بعد نماز کے گیارہ بار پڑھے گا، وہ مراتب اعلیٰ کو پہنچے گا۔ اسی طرح ہر صبح کو اکتالیس بار پڑھنا موجب فلاح وکامیابی ہے۔ اور ہر روز سو بار پڑھنے سے بے شمار فوائد حاصل ہوں۔ امام قرطبیؒ نے پڑھنا، اس کا واسطے تحصیل امر مہم عظیم یا دفع بلائے عظیم کے 4444 بار لکھا ہے، حافظ الدنیا حافظ ابن حجر عسقلانیؒ نے یہی خواص اس عدد 4444 کے ذکر کئے ہیں اور کہا ہے فانہ اکسیر فی سبب التاثیر

فوائد یہ درود شریف سخت جلالی ہے۔ اکیس، بائیس یا تئیس آدمی باوضو کامل طہارت سے اپنے مقصد کا ارادہ کر کے فجر کی نماز کے متصل بعد پڑھیں 4444 بار۔ بلا کم وبیش پڑھ کر دعا مانگیں۔ اسی وقت مقصد حاصل ہوگا۔ یہ درود وہ آدمی پڑھیں، جنہوں نے پہلے یاد کر لیا ہوا ہو۔ پڑھنے میں کافی دیر لگتی ہے۔

نماز قضاء حاجات وحل مشکلات

عطیہ شیخ الاسلام سید حسین احمد مدنیؒ۔ یہ نماز بہت مجرب ہے۔ شب جمعہ کو کرلیں تو بہت مفید ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہر آفت سے حفاظت اور ہر حاجت پوری ہوگی۔ نماز یہ ہے:

چار رکعت کی نیت کر کے نماز شروع کرے۔ پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُـْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ سو مرتبہ پڑھ کر رکعت پوری کرے۔ دوسری رکعت میں الحمد کے بعد رَبِّ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ سو مرتبہ پڑھ کر رکعت پوری کرے۔ تیسری رکعت میں الحمد کے بعد سو مرتبہ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ پڑھے۔ چوتھی رکعت میں الحمد کے بعد سو مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھ کر نماز پوری کرے۔ بعد نماز کے سر سجدے میں رکھ کر سو مرتبہ رَبِّ اِنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ پڑھے۔ اپنی حاجت، ضرورت اور مقصد کیلئے عاجزی اور زاری سے دعا مانگے۔

(از مولانا استاد الحدیث مفتی خلیق احمد اخون صاحب فرزند نسبتی (داماد) حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہیدؒ ص 55-56 کتاب الدعاء والدعا ص 101)

تنبیہ ہر رکعت میں آیہ مبارکہ پڑھنے سے قبل ایک بار سورۃ اخلاص پڑھ کر پھر سو سو مرتبہ آیت مبارکہ پڑھیں۔ ابوحنیفۂ ہند حضرت مفتی کفایت اللہ صاحبؒ کا فتویٰ بھی ہے کہ یہ نماز بڑی عمدہ ہے اور فقہاء حضرات کی تصریح کے مطابق پہلے ایک بار سورۃ اخلاص پڑھ کر پھر ان آیات مبارکہ کو پڑھیں، بڑا مجرب عمل ہے۔

عاملین و کاملین کے تکمیلِ حاجات کے مجرب اعمال

مرتب: اراکین دار العمل چشتیہ، لاہور

حضرت عبدالباسط شاذلی نقشبندی مدظلہ

خلیفہ: پیر سید نورزمان نقشبندی شاذلی حفظہ اللہ

جائز حاجت کے لیے

وَلَسَوۡفَ يُعۡطِيكَ رَبُّكَ فَتَرۡضَىٰٓ ۝ (الضحیٰ: ۵)

ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ۔ اول آخر درود شریف۔ روزانہ پڑھنا ہے۔ ان شاءاللہ، حاجات پوری ہوں گی۔

جائز حاجت کے لئے

کسی بھی جائز حاجت کے لئے یہ آیات اکسیر کا درجہ رکھتی ہے۔ اول درود ابراہیمی پڑھ کر کھلا پڑھتے رہیں۔ اپنے مقصد کو دل میں رکھ کر اس کو لا تعداد پڑھیں۔ ان شاءاللہ گیارہ (۱۱) دن میں حالات بہتر ہوجائیں گے۔

إِنَّمَآ أَمۡرُهُۥٓ إِذَآ أَرَادَ شَيۡـًٔا أَن يَقُولَ لَهُۥ كُن فَيَكُونُ ۝ فَسُبۡحَٰنَ ٱلَّذِي بِيَدِهِۦ مَلَكُوتُ كُلِّ شَيۡءٖ وَإِلَيۡهِ تُرۡجَعُونَ ۝

(یٰسٓ: ۸۲-۸۳)

سید ناظر حسین زنجانی رحمہ اللہ

ہر مراد پوری، ہر مشکل آسان

گیارہ گیارہ بار درود پاک پڑھ کر یہ نقش لکھیں۔ نقش "یا قاضی الحاجات" کا ہے۔ ہر مراد پوری ہوجاتی ہے، مشکل آسان ہوتی ہے۔ وقتِ ضرورت بڑا ہی کام کرتا ہے۔ وفق ۱۳۶۶، کسر نہیں ہے۔

۷۸۶

۳۳۴	۳۴۷	۳۴۴	۳۴۱
۳۴۵	۳۴۰	۳۳۵	۳۴۶
۳۳۹	۳۴۲	۳۴۹	۳۳۶
۳۴۸	۳۳۷	۳۳۸	۳۴۳

مولانا حاجی پیر سید ابراراللہ شاہ رحمہ اللہ

یالطیف کا خاص عمل

ایک خاص بات "یالطیف" میں یہ بھی ہے کہ جب کوئی مصیبت یا پریشانی میں مبتلا ہو، مثلاً کسی شخص کو حبس دوام کی سزا ہو رہی ہے یا کسی کا قصاص ہو رہا ہو یا کوئی جلد دعا قبول کرانے کی پروردگار سے ضرورت ہے تو مسجد میں پہنچ کر دو رکعت نماز برائے اجابت قبول پڑھے۔ بعد سلام کے ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ اور اسی اسم کا ایک ہزار بار ذکر کرے۔ اسی طرح پندرہ نیت میں پندرہ بار ایک ایک ہزار یہ اسم پڑھے۔ اور سولھویں مرتبہ ۱۶۴۱ مرتبہ پڑھے اور اپنے پروردگار سے جو مقصود ہے، دعا مانگے۔ اسی وقت ان شاءاللہ دعا قبول ہوگی۔

حاجت پوری ہونے کی ایک خاص دعا

اَيَّتُهَا الۡاَرۡوَاحُ الرُّوۡحَانِيَّةُ ذَوَاتُ الذَّوَاتِ النُّوۡرَانِيَّةِ الۡمُشَعۡشَعَةِ بِالۡمَنِ الرُّوۡحَانِيَّةِ وَ النَّوَامِيۡنِ الرَّبَّانِيَّةِ الدَّائِمَةِ

دار العمل چشتیہ کا شعبہ نشر و اشاعت darulamal.org/publications

فِیْ لَطَائِفِ تَصْرِیْفِ الْحُرُوْفِ وَ دَقَآئِقِ مُعَارِفُهَا الْمُکُوْفَةِ الْمُوْکلة بِتَسْخِیْرِ الْقُلُوْبِ وَالْاَرْوَاحِ الرُّوْحَانِیَّةِ رُوْحَانِیَةِ الْاَعْدَادِ وَعَوَارِفِ اِسْرَارِهَا الْمَخْزُوْنَةِ اُجِیْبُوْا اَیَّتُهَا الْاَرْوَاحِ الْعَظَامُ وَالْمَلٰئِکَةُ الْکِرَامُ جِبْرَائِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَ اِسْرَافِیْلَ وَ رُوْقِیَائِیْلَ تَوَکَّلُوْ بِخِدْمَةِ مَنْ دَعَا کُمْ وَ کُوْنُوْ عَوْنَآلِیْ وَ اِیْصَالِ الْاَجَابَةِ لِلّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ اَهِیًا اَشْرَاهِیًا اَدُوْنَائِیْ اَصْبَا حُوْدثَ اَلْ شُدَایْ اَفْهِمُوْ مُرَادِیْ وَاقْضُوْ حَاجَتِیْ وَ تَوَلَّوْ خِدْمَتِیْ بِحَقِّ اللّٰهِ الْفَتَّاحِ الرَّزَّاقِ الْحَلِیْمِ الْوَهَّابِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ اَلْاَلَاءِ اللَّطِیْفِ الْکَبِیْرِ کٓهٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ اَجِبْ اَیُّتُهَا الْمَلِکُ الْاَخْضَرُ بَارَکَ اللّٰهُ فِیْکَ وَعَلَیْکَ۔

اگر کوئی حاجت درپیش ہے تو جمعرات کا روزہ رکھو اور کثرت کے ساتھ صبح سے لے کر شام تک یعنی بعد عشاء تک پڑھو۔ حاجت روا ہوگی۔ ان شاء اللہ۔ اوقات نماز میں نماز پڑھ لیا کرو اور پھر شروع کر دیا کرو۔ مصطگی، عنبر اور عود کا بخور کرو۔

ایک سے تین ہفتہ میں حاجت پوری

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ۔

اس آیت کریمہ کو دو ہزار تین سو پچھتر (۲۳۷۵) بار بعد نماز عشاء، تاریک مکان میں تنہا پڑھیں اور اپنے پاس پانی کا ایک برتن بھر کر رکھ لیں۔ ہر سیکڑہ پر ہاتھ پانی میں ڈال کر ہاتھ منہ پر مل لیا کریں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔ مطلب کا خاص دل میں خیال رکھیں۔ بعد ختم عجز و انکساری سے دعا مانگ لیا کریں۔ ان شاء اللہ ایک ہفتہ میں کام ہوگا۔

اگر اول ہفتہ خالی جائے، دوسرے ہفتہ میں اسی طرح عمل کریں۔ مقصد حل ہوگا۔ اور اگر کچھ رکاوٹ پیدا ہورہی ہے اور دوسرا ہفتہ بھی خالی گیا۔ تیسرا ہفتہ ان شاء اللہ کبھی خالی نہیں جاسکتا۔ کامیابی اور پھر کامیابی اور ہزار کامیابی۔

حاجت پوری ہو

جو شخص اسم **خَالِقُ** کو پانچ ہزار ایک سو پندرہ (۵۱۱۵) بار خالی مکان میں پڑھے اور حاجت کسی قسم کی رکھتا ہو، پوری ہوگی۔

برائے حاجات دینی و دنیوی

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاِسْمِکَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۚ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۗ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ کُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ﴿۲۵۵﴾

اَلَّذِیْ عَنَتْ لَهُ الْوُجُوْهُ وَ خَشَعَتْ لَهُ الْاَصْوَاتُ وَ وَجَلَتِ الْقُلُوْبُ مِنْ خَشْیَتِهٖ اَسْئَلُکَ اَنْ تُصَلِّیَ وَ تُسَلِّمَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَسَلِّمْ وَ اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ۔

یہاں پر جو حاجت رکھتا ہو، نام لے۔ ان شاء اللہ مقبول ہوگی۔ نہایت مؤثر ہے۔ نااہلوں سے پوشیدہ رکھیں۔

فائدہ بدھ، جمعرات اور جمعہ...... تین یوم روزہ رکھے۔ پھر جمعہ کا غسل کر کے جامع مسجد جاکر مساکین اور غرباء کو صدقہ تقسیم کرے۔ اور مؤدب قبلہ رو بیٹھ کر اس عمل کو پڑھنا شروع کرے۔ جس قدر پڑھ سکے، پڑھے۔

........................*............*

مہر محمد اقبال قادری

مشکل آسان ہو، ضرورت اٹکی نہ رہے

اگر کوئی شخص 'یَارَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَ رَحِیْمَهَا' پڑھے گا تو اس کی ہر

مشکل آسان ہوگی اور کوئی ضرورت انکی نہ رہے گی۔

السید علی حسین شاہ

ہر مقصد میں کامیابی

اس عمل کو ایسے افراد کریں جو انتہائی کسی مشکل میں گرفتار ہو گئے ہوں یا کسی کی کوئی عزت نہ کرتا ہو یا کوئی انسان دنیا میں مرتبہ اونچا کرنا چاہے یا کوئی بڑی سے بڑی مشکل ہو۔ اللہ کے فضل سے، اس عمل کی بدولت ہر وہ کام ممکن بن جائے گا جو پہلے ناممکن ہونے کی حیثیت رکھتا ہوگا۔ یہ عمل نہایت ہی مجرب ہے اور کئی مرتبہ کا آزمودہ ہے۔ اگر کوئی اسے صرف عشاء کی نماز کے بعد روزانہ چالیس دنوں تک سوا لاکھ کی تعداد میں پڑھ لے تو اس کا عامل بن جائے گا۔ پھر جس مقصد کی خاطر بھی سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے گا تو اسی وقت کام ہوگا۔ ویسے ہر مقصد کیلئے جب تک مقصد پورا نہ ہو تو اسے روزانہ بعد نماز عشاء ایک سو ایک (۱۰۱) کی تعداد میں پڑھا جا سکتا ہے اور اپنے کام کی مکمل نیت باندھے۔ اللہ کے حکم سے سات دنوں کے اندر کام ہوگا۔ اس نقش کو اپنے اس مقصد کی خاطر زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر بازو پر باندھے۔

(بسم اللہ الرحمن الرحیم. بسم اللہ بابنا تبارک حیطاننا یس سقفنا کھیعص کفایتنا حمعسق حمایتنا فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم)

ق	س	ع	م	ح	ص	ع	ی	ھ	ک
ک	ق	س	ع	م	ح	ص	ع	ی	ھ
ھ	ک	ق	س	ع	م	ح	ص	ع	ی
ی	ھ	ک	ق	س	ع	م	ح	ص	ع
ع	ی	ھ	ک	ق	س	ع	م	ح	ص

ص	ع	ی	ھ	ک	ق	س	ع	م	ح
ح	ص	ع	ی	ھ	ک	ق	س	ع	م
م	ح	ص	ع	ی	ھ	ک	ق	س	ع
ع	م	ح	ص	ع	ی	ھ	ک	ق	س
س	ع	م	ح	ص	ع	ی	ھ	ک	ق
ق	س	ع	م	ح	ص	ع	ی	ھ	ک

ہزار حاجات کا حل

اس عمل کو خصوصاً ایسے افراد کریں جو ہر وقت پاک وصاف اور باوضو رہتے ہیں کیونکہ اگر کوئی اس عمل کو پلیدی حالت یا پرہیزگاری کے بغیر کرے گا تو نقصان کے علاوہ اور کئی قسم کے نقصانات بھی ہو سکتے ہیں۔ جو کوئی بھی یہ چاہے کہ اس کی حاجات وقت سے پہلے پوری ہوجایا کریں تو وہ دو رکعت نماز اس طرح پڑھے کہ سورہ فاتحہ کے بعد پہلی رکعت میں سورۂ کافرون دس مرتبہ پڑھے۔ دوسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ اخلاص دس مرتبہ پڑھے۔ چار رکعت نماز کو اسی طرح پڑھے اور بعد سلام، سجدے میں جا کر دس مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے اور دس مرتبہ تیسرا کلمہ شریف اور دس مرتبہ اس دعا کو پڑھے۔ اللہ کے حکم سے دنیا میں ایسی کوئی بھی شے باقی نہیں رہے گی جو اس فرد کے پاس نہ ہو اور کوئی بھی مصیبت یا مشکل میں اس عمل کو کرنے والا کبھی گرفتار نہیں ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ربنا اتنا فی الدنیا حسنۃ و فی الاخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار۔

حاجت پوری ہو

اگر کسی کو کوئی بھی حاجت یا ضرورت ہو تو وہ رات کو تہجد کے وقت اس کو ایک ہزار کی تعداد یا اس کے بھی زیادہ کی تعداد میں پڑھے۔ اللہ کے حکم سے اگلے دن وہ کام پورا ملے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم سبحان اللہ القادر القاھر

القوی الکافی۔

........................*

حکیم سید مزمل حسین نقشبندی مدظلہ

مشکل حل ہو، ہر مقصد میں کامیابی ہو

جو شخص الانعام کو باوضو اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل حل ہوگی اور ہر مقصد میں کامیابی ہوگی۔

ہر قسم کی حاجت پوری کرنے کیلئے

اگر کوئی مشکل پیش آگئی ہو یا کوئی اہم حاجت پیش آگئی ہو یا کسی مقصد میں ضرور کامیابی چاہیے تو باوضو نماز فجر کے بعد سات (۷) مرتبہ سورۃ حم سجدۃ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مشکل حل ہوگی، حاجت پوری ہوگی اور مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

........................*

پروفیسر رانا ثناء اللہ خان صاحب

حاجت پوری ہو

جو کوئی حاجت مند ہو تو وہ 101 مرتبہ بعد از نمازِ فجر سورۃ قریش کی تلاوت کرے۔ پڑھنے سے پہلے اور پڑھنے کے بعد درود شریف پڑھے اور اللہ کی بارگاہ میں دعا کرے۔ ان شاء اللہ دعا مستجاب ہوگی۔

رفع حاجات

رفع حاجات کے لیے یہ سورۃ اکسیر ہے۔ سورۃ الاخلاص روزانہ پانچ ہزار مرتبہ پڑھی جائے۔ تقریباً 21 یوم کا عمل کرے۔ اللہ کے فضل و کرم سے ہر حاجت پوری ہوگی۔

........................*

صوفی محمد ندیم محمدی صاحب

حاجتیں پوری ہوں

وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰى طَعَامٍ وَّاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ مِنْۢ بَقْلِهَا وَقِثَّآئِهَا وَفُوْمِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا ؕ قَالَ اَتَسْتَبْدِلُوْنَ الَّذِىْ هُوَ اَدْنٰى بِالَّذِىْ هُوَ خَيْرٌ ؕ اِهْبِطُوْا مِصْرًا فَاِنَّ لَكُمْ مَّا سَاَلْتُمْ ؕ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ ۚ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿٦١﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالنَّصٰرٰى وَالصّٰبِـِٕيْنَ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٢﴾ (البقرۃ: ۶۱-۶۲)

جو شخص ان آیتوں کو بعد نمازِ فجر 11 مرتبہ پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس کی حاجتیں پوری فرمائیں گے۔

حاجتیں پوری ہوں

لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ خٰلِدِيْنَ ؕ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْـُٔوْلًا ﴿١٦﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَقُوْلُ ءَاَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ عِبَادِىْ هٰٓؤُلَآءِ اَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيْلَ ﴿١٧﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ مَا كَانَ يَنْۢبَغِىْ لَنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ مِنْ اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى نَسُوا الذِّكْرَ ۚ وَكَانُوْا قَوْمًۢا بُوْرًا ﴿١٨﴾ فَقَدْ كَذَّبُوْكُمْ بِمَا تَقُوْلُوْنَ ۙ فَمَا تَسْتَطِيْعُوْنَ صَرْفًا وَّلَا نَصْرًا ۚ وَمَنْ يَّظْلِمْ مِّنْكُمْ نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِيْرًا ﴿١٩﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِى الْاَسْوَاقِ ؕ وَجَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ

فِتۡنَةً ؕ اَتَصۡبِرُوۡنَ ۚ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيۡرًا ۞ (الفرقان: ۲۰-۱۶)

جو شخص ان آیتوں کو بعد نمازِ عشاء 41 مرتبہ پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس کی حاجتیں پوری فرمائیں۔

سید شاہ محمد قادری

کسی خاص شخص سے حاجت پوری کرانا

جو شخص کسی سے کوئی حاجت رکھتا ہو اس اسم ''یَا جَلِیۡلُ'' کو بارہ سو چھ (۱۲۰۶) مرتبہ پڑھ کر اس کے پاس جائے اور اس سے اپنی حاجت بیان کرے۔ وہ اس اسم کی برکت سے حاجت پوری کرے۔

جو چاہے مانگے، اللہ تعالیٰ عطا کریں

جو شخص بعد ہر نماز پچپن (۵۵) مرتبہ اس اسم ''یَا مُجِیۡبُ'' کو پڑھے، حق تعالیٰ سبحانہ سے جو چاہے مانگے، عطا ہو۔

حاکم حاجت پوری کرے

حاکم سے حاجت ہو تو اس کو تین شب آٹھ سو چودہ (۸۱۴) مرتبہ ''یَا مُتَعَالِیُ'' پڑھے۔ پھر حاکم کے پاس جائے۔ مطلب حاصل ہو۔

خاص شخص حاجت پوری کرے

جو شخص پریشان حال ہو اور کسی سے کوئی جائز غرض رکھتا ہو، اسم ''یاذوالجلال والاکرام'' کو دو ہزار اکتالیس (۲۰۴۱) مرتبہ قرأت کرے اور اس کے پاس جائے۔ وہ اس کا کام بخوشی کرے۔

تمام مرادیں پوری ہوں

جو شخص ہر نماز کے بعد ''یَا غَنِیُّ'' کو ایک سو چھ (۱۰۶) مرتبہ پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کی تمام مرادیں پورے کرے۔

صوفی محمد ندیم شاہ بلال کوٹی

ہر مراد پوری ہو

و کفی باللہ ولیا	و کفی باللہ علیما
و کفی باللہ نصیر	و کفی باللہ و کیلا
و کفی باللہ حسیبا	و کفی باللہ شھیدا

نمازِ عشاء کے بعد چھ سو (۶۰۰) مرتبہ یا نمازِ فجر کے بعد ساٹھ (۶۰) مرتبہ پڑھ کر دُعا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ عظیم مراد پوری ہو گی۔

علامہ محب النبی قادری اکبری کوہاٹ

مرادیں پوری ہوں گی

نمازِ فجر کی سنتوں کے بعد اور فرضوں سے پہلے اکتالیس (۴۱) بار سورۃ فاتحہ، ہر بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ پڑھی جائے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف۔ اس کے بعد جو بھی دعا مانگی جائے قبول ہوتی ہے۔ لگاتار چالیس (۴۰) دن تک دعا مانگی جائے تو الجھی ہوئی حاجتیں سلجھ جاتی ہیں۔

سید علی حسین شاہ

جملہ مقاصد میں کامیابی

اس مقصد کے لیے باوضو حالت میں ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر اس وقت لکھیں جب قمر برج عقرب میں ہو۔ لکھنے کے بعد موم جامہ کر کے اسے اپنی ٹوپی کے اندر سی لیں۔

ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم، اس عمل کی بدولت اپنے جملہ مقاصد میں کامیابی و کامرانی بفضلہٖ باری تعالیٰ نصیب ہو گی۔ نہایت مجرب اور

آزمودہ نقش ہے۔

نقش یہ ہے:

الرٰ		الٓمّرٰ
قٓ	الرٰ	الرٰ
الرٰ	الرٰ	صٓ
الٓمّرٰ	نٓ	الرٰ

احمد مصطفےٰ صدیقی

حاجت پوری ہو اور غم وسختی دفع ہو

جس کسی کو غم واندوہ پیش آئیں اسے چاہیے کہ سورۂ یٰسین کو ہر روز ایک بار پڑھا کرے اور جب آیت:

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ (یٰس:۵۸)

پڑھے تو اسے بہتر (۷۲) بار مکرر پڑھے۔ پھر ختم سورۃ کر کے درود شریف پڑھ کر اپنی حاجت کی دعا کرے۔ ان شاء اللہ اس کی حاجت پوری ہوگی اور غم واندوہ سے خلاصی نصیب ہوگی۔

ڈاکٹر سید افضال حسن صاحب

دینی ودنیاوی مقصد میں کامیابی کیلئے

اس عمل کو نوچندی جمعرات کو شروع کریں اور روزانہ بعد نماز عشاء پڑھا کریں۔

طریقہ عمل آپ اس عمل کو جس مقصد کے لئے پڑھنا چاہتے ہیں، پڑھ سکتے ہیں۔

ایک ہزار بادام لے کر اس پر یہ دعا پڑھیں۔ کام ہونے پر ان ہی باداموں میں شیرینی ملا کر غرباء یا معصوم بچوں میں تقسیم کریں۔ اللہ کے حضور دو رکعت نماز شکرانہ ضرور ادا کریں۔

دعا یہ ہے: رَبِّ اِنِّىْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ (القمر:۱۰)

صوفی محمد ایاز اسلمی اویسی مدظلہٗ

حصولِ جمیع مقاصد

يَا حَلِيْمُ يَا عَلِيْمُ يَا عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ

ان اسماء کے بہت سے خواص ہمارے مشاہدے میں آئے ہیں۔ جو حضرات ان کو پڑھیں گے، وہ ان اسماء الٰہیہ کے خواص کا مشاہدہ خود ہی کر لیں گے۔ اگر معمول میں رکھنا چاہیں تو روزانہ گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ بعد نمازِ عشاء یا فجر ورد میں رکھیں۔ جمیع مقاصد حاصل ہوں گے اور مصائب سے نجات حاصل ہوگی۔

قاری ذیشان نظامی صاحب

کوئی مہم درپیش آئے تو

روزانہ نماز عشاء کے بعد پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ (آل عمران:۱۷۳)

نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ (الانفال:۴۰)

اول وآخر اکیس (۲۱) مرتبہ درود شریف کے ساتھ۔ اس عمل کو جمعرات سے شروع کریں۔

صوفی محمد یونس خان صاحب مرحوم

حاجت پوری ہو

سورۂ یٰسین اکتالیس (۴۱) بار ایک جلسہ میں پڑھیں اور دعا کریں۔ ان شاء اللہ، ایک ہفتہ میں حاجت پوری ہوگی۔

خضر عباس پیاسی

جمیع حاجات کے لیے

اَلْمَلِكُ: یہ سریع الاجابت اسم ہے۔ جمیع حاجات کے لیے ۹۰ بار روزانہ قرأت کریں، عزت واقبال پائیں۔ نقش اس کا یہ ہے۔ گلے میں پہنیں۔

۷۸۶

ال	م	ل	ک
۳۱	۱۹	۳۲	۳۹
۱۸	۲۸	۴۲	۳۳
۴۱	۳۴	۱۷	۲۹

سید شاد گیلانی رحمۃ اللہ

ہر مراد کا حصول

نمازِ پنجگانہ کے بعد دعائے ذیل چند بار پڑھا کرے۔ ان شاء اللہ حصولِ مراد ہوگی۔ طریقہ یہ ہے کہ دعا کو ہر دفعہ شروع کرنے سے پہلے اپنی دونوں ہتھیلیاں بند کرلے۔ اور جب لفظ قیوم پر پہنچے تو دائیں ہتھیلی کھول دے اور جب لفظ مستعان پر پہنچے تو بائیں ہتھیلی کھول دے۔

یَااَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَاسَمِیْعُ یَابَصِیْرُ یَاحَلِیْمُ یَاوَدُوْدُ یَامُسْتَعَانُ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

دعائے حاجت

شب جمعہ کو اکتالیس (۴۱) دانہ گندم پر اکتالیس (۴۱) بار یہ دعا پڑھ کر پھونکیں۔ ہر دانہ پر ایک بار پڑھ کر چھت پر ڈال دیں تاکہ پرندے کھا جائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، جس حاجت کے لئے پڑھے گا، ضرور پوری ہوگی۔ دعا یہ ہے: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا الہ الا اللہ بعونك و قدرتك لا الہ الا اللہ بحقك و حرمتك لا الہ الا اللہ فرجاً فرجنی من امری فرجاً مخرجاً ربنا یا ارحم الراحمین۔

غلام الرسول میمن عائلی نقشبندی صاحب

معاملات میں آسانی اور حاجات پوری ہوں

اگر اس وفق کو لکھ کر اس کے ہر چہار طرف یہ آیات لکھ کر اسے اپنے پاس رکھا جائے اور ان آیات کو ورد میں رکھا جائے تو تمام معاملات میں آسانی ہو، جمیع حاجات پوری ہوں اور یہ وفق بمنزلہ اسم اعظم ثابت ہوگا۔

۴۸۳	۱۰۳۷۳۵۷	۱۹۸	۱۴۹۹۱	۳۴۹۹
۲۰۱	۱۴۹۸۹	۳۴۹۷	۴۸۶	۱۰۳۷۳۵۵
۳۵۰۰	۴۸۴	۱۰۳۷۳۵۸	۱۹۹	۱۴۹۸۷
۱۰۳۷۳۵۶	۱۹۷	۱۴۹۹۰	۳۴۹۸	۴۸۷
۱۴۹۸۸	۳۵۰۱	۴۸۵	۱۰۳۷۳۵۴	۲۰۰

الٓمّٓ ۝۱ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۝۲ (آل عمران: ۱۔۲)

شیخ الوظائف حضرت حکیم طارق محمود چغتائی صاحب مدظلہ کے تکمیلِ حاجات

کے مجرب اعمال

مرتب: اراکین دارالعمل چشتیہ لاہور

آیت الکرسی کا خاص مجرب عمل

جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد بیٹھ کر آیت الکرسی پڑھیں۔ اور جب اذان مغرب کی ہوجائے تو سجدے میں جائیں اور اللہ سے اپنی فریاد مانگتے رہیں۔ ایک جمعہ مانگیں، تین جمعے اس طرح مانگیں۔ ضرورت پڑے تو سات، چودہ اور اکیس جمعے کو یہ عمل دہرا کر دعا مانگتے رہیں، دعا مانگتے رہیں۔ اللہ ناممکن کو ممکن بنادیں گے۔ اللہ دے گا، اللہ ضرور دے گا۔ ان شاء اللہ

ہر مشکل اور حاجت کیلئے یا لطیف پڑھیں

اللہ لطیف ہے کیونکہ وہ اپنے بندوں پر مہربانی کرتا ہے، ان سے نرمی سے پیش آتا ہے۔ اس کے لطف و کرم کا کیا کہنا۔ اس نے حکیموں کو حکمت سے، علماء کو علم سے نوازا، سالکوں کو شوق دیا، اولیاء کو ولایت سے سرفراز کیا۔ انبیاء کو نبوت سے سرفراز فرمایا۔ اہل تقویٰ کو بصیرت عطا فرمائی، اہل عقل کو شعور دیا یعنی جو جس کے قابل تھا اسے اسی قسم کی رحمت سے نواز دیا۔ اس کے علاوہ لطیف کا مطلب اتنی باریک چیز ہوتی ہے کہ جو محسوس کی جاسکے لیکن پکڑی نہ جاسکے۔ ان معنوں کے لحاظ سے بھی اللہ لطیف ہے کیونکہ وہ آنکھ سے نظر نہیں آتا اور نہ ہاتھ سے چھوا جاتا ہے۔ جیسے پھول کی خوشبو محسوس تو ہوتی ہے لیکن پکڑی نہیں جاتی۔ جسم کا سانس محسوس تو کیا جاسکتا ہے لیکن دیکھا نہیں جاتا اور نہ ہی ہاتھ سے چھوا جاتا ہے۔ اس لیے اللہ اتنا لطیف ہے کہ جسم اور کون و مکاں سے منزہ ہے۔ اس کی نہ حد ہے، نہ انتہا اور نہ ہی ہماری عقل اس کا ادراک کرسکتی ہے۔ مگر جو اسے اس اسم سے پکارتا ہے اللہ اس پر اپنی لطافت کے راز عیاں کرتا ہے۔ یہ اسم جمالی ہے اور اس کے اعداد 129 ہیں۔

یہ اسم مشکل کشائی کیلئے بہت موثر ہے۔ لہٰذا جو شخص اس اسم کو روزانہ 129 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو ان شاء اللہ اس کا ہر جائز کام، اس اسم کی برکت سے ہوجائے گا اور اگر ہر نماز کے بعد اسے 129 مرتبہ پڑھا جائے تو اس کے اثرات اور تیز ہوجائیں گے۔ ان شاء اللہ دین و دنیا کی ہر حاجت پوری ہوگی۔ اولیاء کرام اور بزرگان دین نے اس اسم کی بہت تعریف کی ہے۔

ہر جائز حاجت یَا عَلِیۡمُ کے اسم سے پوری کروائیے

ایک عامل کا قول ہے کہ جو شخص یہ چاہے کہ میری حاجت جلد پوری ہو تو اسے چاہیے کہ وضو کرکے آبادی کے باہر جنگل میں جائے اور وہاں دو رکعت نفل برائے رفع حاجت پڑھے۔ اس کے بعد قبلہ کی طرف منہ کرکے ایک ہزار مرتبہ اس اسم کو پڑھے ''یَا عَلِیۡمُ''۔ اللہ تعالیٰ کو کائنات کے ذرے ذرے کا علم ہے۔ وہ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔ یعنی ازل تا ابد ہر چیز اس کے احاطہ علم میں ہے گویا کہ وہ ہر چھوٹی اور بڑی چیز کی ابتدا اور انتہا کو جانتا ہے۔ اسی لحاظ سے وہ علیم ہے۔ یہ اسم جمالی ہے اور اس کے اعداد 150 ہیں۔

دعائے اسم اعظم

عشرت اقبال وارثی میرپور خاص

محترم قارئین السلام علیکم!

آج جو دُعا میں آپ کو بتانے والا ہوں اس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ یہ اُن تمام اسمائے مُبارکہ کا مجموعہ ہے جن کے متعلق اسم اعظم کی نوید ملی ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا خَیْرَ الْوَارِثِیْنَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ یَا سَمِیْعَ الدُّعَاءِ یَا اللّٰہُ یَا اللّٰہُ یَا اللّٰہُ یَا عَالِمُ یَا سَمِیْعُ یَا عَلِیْمُ یَا مَالِکُ الْمُلْکِ یَا مَلِکُ یَا سَلَامُ یَا حَقُّ یَا قَدِیْمُ یَا قَائِمُ یَا مُحِیْطُ یَا حَکِیْمُ یَا عَلِیُّ یَا قَاھِرُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا سَرِیْعُ یَا کَرِیْمُ یَا عَفُوُّ یَا مُعْطِیْ یَا مَانِعُ یَا مُحْیِ یَا مُقْسِطُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا اَحَدُ یَا اَحْمَدُ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا وَھَّابُ یَا غَفَّارُ یَا قَرِیْبُ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ اَنْتَ حَسْبِیْ وَ نِعْمَ الْوَکِیْلُ وَ اِسْمُ اللّٰہِ تَعَالٰی الْاَعْظَمُ الَّذِیْ اِذَا سُئِلَ بِہٖ اَعْطٰی وَاِذَا دُعِیَ بِہٖ اَجَابَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنِّیْ اَشْھَدُ اَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔

آپ کوشش کریں کہ اس دُعا کو اپنی زندگی میں اس طرح شامل کرلیں کہ آپ کی ہر صبح اس دُعا کے ساتھ شروع ہو۔ آپ اگر غور فرمائیں گے تو آپ کو معلوم ہوگا کہ اس میں تقریباً پنتالیس (45) اسمائے الٰہی موجود ہیں، جن کے متعلق سلف صالحین نے فرمایا ہے کہ یہ اسم اعظم ہیں۔ تو اس دُعا کو پڑھنے کا مطلب یہ ہوگا کہ جس قدر اسمائے اِلٰہی کے متعلق اسم اعظم کی بشارت موصول ہوئی ہیں وہ سبھی ہمارے اوراد میں شامل ہیں۔

حاجات پوری ہونے کے لیے ایک مجرب دعا ہے۔ خ

حاجت کیلئے بے مثال عمل

ریاض چوہدری

یہ عمل قضائے حاجات اور ہر مشکل کے حل کیلئے بے نظیر ہے۔ اس وظیفے کے ہمیشہ پڑھنے سے تمام دینی و دنیوی مشکلات حل ہوجائیں گی۔ طریقہ یہ ہے کہ چند آدمی جو کہ باوضو اور پاکیزہ لباس اور خوشبو لگا کر مجلس منعقد کریں اور اس طرح پڑھیں:

بسم اللہ شریف 100 بار۔

درود شریف 100 بار۔

سورۂ فاتحہ 100 بار۔

کلمہ طیبہ 100 بار۔

کلمہ شہادت 100 بار۔

آمنت باللہ 100 بار۔

استغفار 100 بار۔

آیت الکرسی 100 بار۔

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ 100 بار۔

یُسَبِّحُ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ الْمَلِکِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ 100 بار۔

سورۂ اخلاص 100 بار۔

کلمہ تمجید 100 بار۔

اَللّٰہُ عَلِیْمُ 100 بار۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ 100 بار۔

یہ پڑھنے کے بعد نہایت عاجزی سے بارگاہ رب العالمین میں دعا مانگے۔ ان شاء اللہ، حضور علیہ الصلوٰۃ کے طفیل تمام حاجتیں پوری ہوجائیں گی۔

دارالعمل چشتیہ میں خاص اوقات میں سکھائے جانے والے خاص الخاص اعمال

خاص اوقات یہ ہیں

1۔ سورج گرہن 2۔ چاند گرہن 3۔ نوروز

خاص اعمال کی تفصیل درج ذیل ہے

1۔ نورانی اعمال 2۔ خاص خاص اعمال 3۔ علوی اعمال 4۔ باموکل اعمال

نورانی اعمال

سات سلام: ہر طرح کی بیماریوں اور جادو کے علاج کے لیے۔

آیات شفاء: ہر طرح کی بیماریوں کے علاج کے لیے۔

منزل: دنیا میں جادو، جنات اور شیاطین کے اثرات سے نجات اور حفاظت کے لیے۔

حصار قرآنی کبیر: روحانی دفاع کا ایک خاص مضبوط ہتھیار۔

حصار خاص: غیبی مخلوق کے ذریعے روحانی حفاظت کا ایک خاص عمل۔

خاص خاص اعمال

تھیلی والا عمل: سخت جادو اور جنات سے نجات کا عمل۔

اونٹ کی ہڈی والا عمل: گھر کی جنات وجادو سے حفاظت کا خاص عمل

بکرے کے صدقے کا عمل: سخت جادو جنات سے نجات کا عمل۔

سری والا عمل: سخت قسم کے جادو اور جنات سے نجات کے لیے۔

علوی اعمال

چہل کاف: ہر طرح کے دنیاوی جائز کام کے لیے۔ خاص کر جادو اور جنات کے بد اثرات کا خاتمہ کرنے کے لیے بہت مجرب ہے۔

مندرہ شاہ علی کبیر: جنات، جادو، آسیب، دشمن، جادوگر، شیاطین کے خلاف ایک انتہائی مضبوط روحانی ہتھیار ہے۔

نورانی مندرہ: ہر طرح کے جادو اور جنات سے نجات کا عمل۔

عمل باندھ جادو: ہر طرح کا جادو باندھنے کا عمل۔

اعصائے کلیم اللہ: سخت جادو کی کاٹ کا عمل۔

عمل بندش کلاں: جادو، جنات، دشمن، ہتھیار وغیرہ کو باندھنے کا ایک خاص عمل۔

عمل واپسی سحر: سحر کو جادوگر اور جادو کروانے والے پر واپس کرنے کا خاص عمل۔

عمل حب خاص: حب کا خاص عمل جس کے پیچھے غیبی مخلوق ہے۔ مردوں پر عمل کرنے کے لیے مفید ہے۔

باموکل اعمال

آیت الکرسی باموکل: شریر جنات وشیاطین کے خلاف انتہائی مضبوط روحانی ہتھیار جو علاج کے ساتھ حفاظت کے لیے بھی مجرب ہے۔

آیت قطب باموکل: جنات، شیاطین، جادو سے نجات اور مقاصد کے حصول کا مجرب عمل۔

سورۃ اخلاص باموکل: جنات وجادو سے نجات، ہر دنیاوی مقصد کے حصول کا مجرب عمل۔

سورۃ فیل باموکل: دشمن چاہے انسان ہو یا جنات، ان سے نجات کا مجرب عمل۔ خاص کر جادوگروں کو سبق سکھانے کا مجرب عمل ہے۔

سورۃ مزمل باموکل: بڑے جنات، شیاطین و جادوگروں کے خلاف روحانی ہتھیار۔ ایک مضبوط علاج اور مضبوط دفاع بھی۔

چہل کاف باموکل: سخت جنات و جادو سے نجات اور ہر مقصد کے حصول کا مجرب عمل۔

سورۃ جن باموکل: جنات کے خلاف علاج اور حصار میں بہت مضبوط عمل ہے۔ اس سے آگے اور کوئی عمل نہیں ہے۔

سورۃ کوثر باموکل: دشمن، واپسی سحر اور رزق کی فراخی کا خاص عمل۔

رابطہ روحانی درسگاہ ناظم 0304-7772772 نائب ناظم 0305-7772772 فون 0333-7772775, 042-35410586

عمل حاجت روائی اور نقش حل المشکلات

تحریر: شیخ عبدالخالق عباس (کراچی)

قارئین محترم کو السلام علیکم! بعد سلام کے اللہ سے دعا ہے کہ ہم سب کی جائز حاجات کو پورا فرمائیں۔ آمین ثم آمین

آج کل ہر انسان پریشان حال نظر آتا ہے یعنی کسی نہ کسی مسئلہ میں۔ میرے علم کے مطابق 90% لوگ مالی تنگی، بدحالی، دشمن کا خوف، جان و مال کا خوف، بیماریوں کے غلبہ کا خوف، شادی نہ ہو رہی اس کی پریشانی، اولاد نہیں ہو رہی اس کی پریشانی، ملازمت میں ترقی نہیں ہو رہی ہے۔ ملازمت نہیں مل رہی ہے اس کی پریشانی، طالب علم کو امتحان میں کامیابی نہیں مل رہی ہے، بیوی شوہر سے پریشان، شوہر بیوی سے پریشان، اولاد سے ماں باپ پریشان، ہمسائے پڑوسی سے پریشان، ملازم اپنے افسر سے پریشان، آفیسر ملازم سے پریشان، عوام حکمران سے پریشان، ہر ایک انسان پریشان حال ہے۔ اس کی اصل وجہ ہم اللہ پر توکل نہیں کرتے، اسی لئے ہم پریشان رہتے ہیں۔ ہمیں خالص و خالص اللہ پر توکل رکھنا چاہیے۔ وہی کائنات کا خالق و مالک ہے، وہ شان قدرت والا ہے۔ میرے پاس بہت خطوط اور فون کالز اور ای میل آتی ہیں، میں فلاں پریشانیوں میں پھنسا ہوا ہوں کافی عرصے سے، میری مدد فرمائیں، میں ان سے کہتا ہوں اصل مدد گار اللہ ہے، وہ سب کی حاجت روائی فرماتا ہے، اللہ رحم فرمائیں۔ میں نے اپنے خاندان کے بزرگوں سے حاجت روائی کا عمل سیکھا اور اس کو کیا۔ اللہ سے مدد مانگی، وہ مجھے ملی۔ ہر کام دنیا میں وسیلے سے ہوتا ہے۔ ہم مسلمانوں کے لیے سب سے بڑا وسیلہ محمد و آل محمد ﷺ ہیں۔ آپ ﷺ سے بڑا کوئی وسیلہ ہو نہیں سکتا۔ آپ ﷺ کے وسیلہ سے ہر حاجت پوری ہوتی ہے۔

میرے پاس خاص قرآنی عمل ہے جو بہت نایاب ہے، ہر جائز مشکل حال ہو جاتی ہے۔ یہ سورۂ کوثر کا خاص عمل ہے۔ سورۂ کوثر آپ ﷺ پر تب نازل ہوئی جب گوشہ بتول شہزادی زہرہؓ دنیا میں تشریف لائیں۔ آپؓ کا اسم مبارکہ فاطمہؓ ہے جس کے اعداد 135 ہیں، 135 کا مفرد 9 بنتا ہے اور سورۂ کوثر کے اعداد 2754 کا مفرد 9 بنتا ہے۔ سورۂ کوثر آپ کی ہر پریشانیوں، مشکلات و حاجات کو پورا کرنے کے لیے بے پناہ کارآمد ہے۔ وہ امراض جو لاعلاج ہو یا جان نہیں چھوڑتے ہوں۔ ان شاء اللہ وہ ضدی امراض مکمل جان چھوڑ دیں گے۔ میں روزمرہ کے معاملات میں اسے استعمال کرتا ہوں، حال ہی میں میں نے جنات و آسیب اور سفلی عامل کے بدعمل کو جڑ سے ختم کرنے کا عمل تیار کیا اور کافی اچھے نتائج میرے سامنے آئے۔ ان شاء اللہ جو یہ عمل کرے گا اسے بے پناہ فیض حاصل ہوگا بی بی فاطمہؓ زہرا کے صدقے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ پہلے اسے عمل میں لائیں، اس کا طریقہ کار یہ ہے۔

ا۔ عامل سوا کلو ہڈی والا گوشت صدقہ دیں۔ عمل سے ایک گھنٹہ پہلے کسی ویران جگہ رکھ کر آ جائیں اور گھر آ کر ہرمل کے پانی سے غسل کریں اور نماز عشاء کے بعد دو رکعت نفل بی بی فاطمہؓ کو ہدیہ کریں اور پھر دو رکعت نفل حصار کے لیے ادا کریں اور پھر لال جائے نماز پر قبلہ رو رخ بیٹھیں حصار کر کے اور لال تسبیح ہو۔ عمل کے دوران کالا رنگ یا سفید رنگ استعمال نہ کریں۔ اپنے پاس سرسوں کا تیل، لال نمک اور لال چاول ضرور رکھیں۔ اول و آخر درود شریف گیارہ بار، 306 بار سورۂ کوثر پڑھیں، 9 دن برابر اور سرسوں کے تیل پر نمک لال چاول پر دم کریں۔ پھر پڑھنے کے بعد بی بی فاطمہؓ کو ہدیہ کر دیں۔ صبح چاول پرندوں کو ڈال دیں۔ نمک تھوڑا اپنے پاس رکھیں اور تھوڑا چیونٹیوں کو ڈال دیں اور شام کو سرسوں کے تیل سے 9 چراغ روشن کریں۔ 9 دن کرنا ہوگا، ایسی روحانی قوت ملے گی عمل کے بعد کم از کم 90 روپے خیرات کریں اور لال رنگ کی مٹھائی پر نیاز دیں، خود کھائیں، اپنے گھر والوں کو دیں۔ اس عمل سے آپ کے تمام مسائل و حاجات کی تکمیل ہو گی۔ اس عمل کے طریقے استعمال بہت ہیں میرے پاس، یہاں میں

صرف حاجات کے لیے بتا رہا ہوں اور نقش بھی بتا رہا ہوں۔

عروج ماہ منگل کے دن ساعت مریخ میں دو رکعت نفل حاجات کے اس طرح ادا کریں کہ سورۂ فاتحہ کے بعد 9 بار سورۂ کوثر پڑھیں۔ بعد سلام کے بغیر بات کئے اس نقش کو تیار کریں۔ لال سیاہی سے انار کے قلم سے ہو

۷۸۶

جبرائیل — یاصاحب الکوثر — میکائیل

انا	اعطینک	الکوثر	فصل	لربک	وانحر
اعطینک	الکوثر	فصل	لربک	وانحر	ان
الکوثر	فصل	لربک	وانحر	ان	شانئک
فصل	لربک	وانحر	ان	شانئک	ھو
لربک	وانحر	ان	شانئک	ھو	الابتر
وانحر	ان	شانئک	ھو	الابتر	انا

عزرائیل — فلاں بن فلاں کی حاجت روائی — اسرافیل

بحق صاحب کوثر و بحق فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالی عنہا العجل الساعۃ الوحا۔ آمین

لال کپڑے میں موم جامہ کر کے گلے میں ڈالیں۔ ہر نماز میں 9 بار سورۂ کوثر پڑھیں۔ ان شاء اللہ غیب سے ہر حاجت پوری ہو جائے گی۔ اس کے بہت سے طریقۂ استعمال میرے پاس ہیں۔ آپ فون وخط کے ذریعے معلوم کر سکتے ہیں۔ ان شاء اللہ پھر حاضر خدمت ہوں گا ایک نئے مضمون کے ساتھ۔ اپنا خیال رکھیں اور مجھے اور ادارے کے تمام لوگوں کو اپنی خاص دعاؤں میں یاد رکھیں۔ شکریہ

بقیہ: تکمیلِ حاجات

حل مشکل (۳)

تمام مشکلات وآفات دور ہوتی ہیں۔ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دو سو مرتبہ آیت الکرسی بعد نماز عشاء پڑھا کرے۔

حل مشکل (۴)

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ معروف بغدادی صاحب ۵۵ سال ہوئے کہ اس وقت دہلی میں مقیم حضرت سلطان جی تھے، فرماتے تھے کہ بعد نماز صبح ومغرب معہ بسم اللہ اس کو پڑھے، اس کی کل حاجتیں پوری ہوتی ہیں۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

حل مشکل (۵)

پکھراج کا نگینہ چاندی کی انگوٹھی میں نصب کروا کر انگلی میں پہنے، اس کی تمام حاجتیں حل ہوتی ہیں، بحکم اللہ تعالی۔

تکمیل حاجات کا مجرب المجرب عمل

جس کو بھی بتایا اللہ تبارک تعالی نے اس کی غیبی مدد کر کے اس کی ہر حاجت پوری کر دی، کبھی مایوسی نہ ہوئی۔ شرط یہ ہے کہ اللہ تعالی سے عاجزی وانکساری وخلوص دل سے دعا مانگے، کسی نہ کسی طرح مشکلات کی مشکل کشائی ہو جائے گی اور تکمیل حاجت اور مقاصد دلی جلد بر آئیں گے۔ یاباسط (۱۰۱) بار، یافتاح (۱۰۱) بار، سورۂ الم نشرح (۱۰۱) بار اور یہ عزیمت (۱۰۱) بار پڑھیں۔ اللہ تعالی فضل وکرم کرے گا۔ اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھیں۔

اور یہ عزیمت:

یارب موسی یارب کلیم میری مشکل دور فرما بحق بسم اللہ الرحمن الرحیم وبحق یاحکیم۔ وما علینا الا البلاغ المبین۔

تکمیل حاجات کا بے مثال اور لاجواب عمل

مولانا سلیم اللہ صاحب

تکمیل حاجات کا یہ سنہری اور لاجواب عمل مسنون بھی ہے۔ اللہ پاک اور رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا محبوب عمل بھی ہے۔ قارئین خزینہ روحانیات! یہ وہ عمل ہے جو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چلتے پھرتے، سوتے جاگتے، اٹھتے بیٹھتے، تنہائی اور مجالس میں، دن اور رات، صبح اور شام، سفر اور حضر، پیدل اور سواری پر سوار ہر حالت میں خود پڑھتے بھی تھے اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اور اپنی پوری امت کو پڑھنے کی ترغیب وتلقین بھی فرماتے تھے۔ قارئین! آپ خود اندازہ لگایئے کہ وہ عمل جس کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کبھی ناغہ نہیں فرمایا، ہر وقت، ہر حال میں پڑھا اور دوسروں کو ہر حال میں پڑھنے کا حکم بھی ارشاد فرمایا، وہ عمل کتنا بڑا، کتنا عظیم، کتنا طاقتور، کتنا بے مثال، کتنا مقبول، کتنا لاجواب اور کتنا ہی سنہری عمل ہوگا۔ کہ جس کو چھوڑنا، جس کا نہ کرنا، جس کا ناغہ کرنا، جس میں کسی بھی قسم کی سستی، کوتاہی، لاپرواہی، غفلت اور جس کو بھول جانا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایک منٹ کیلئے بھی گوارا اور برداشت نہ تھا۔ صحابہ کرامؓ بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود ارشاد فرماتے تھے کہ میں یہ عمل روزانہ کم از کم ۷۰ بار یا ۷۰ بار سے بھی زیادہ کرتا ہوں اور بعض صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کہتے ہیں کہ ہم نے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان مقدس سے سنا، آپ ﷺ فرماتے تھے کہ ''میں اس عمل کو روزانہ ۱۰۰ مرتبہ کرتا ہوں'' اور بعض صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین تو یہاں تک بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس عمل مبارک کو ایک ایک مجلس اور ایک ایک نشست میں بھی بعض اوقات ۱۰۰ بار فرمایا کرتے تھے اور یہ تعداد ہم نے کئی مرتبہ گنی اور شمار بھی کی ہے۔

قارئین کرام! اس عمل کی فضیلت، اس عمل کا ثواب، اس عمل کا مقام، اس عمل کی شان، اس عمل کی اللہ پاک کے ہاں عزت، اس عمل کا مقام کتنا اونچا، کتنا ارفع، کتنا اعلیٰ ہوگا اور اس عمل سے اللہ پاک کتنا خوش ہوتے ہوں گے، اس عمل سے اللہ پاک کتنا راضی ہوتے ہوں گے، اس عمل سے اللہ پاک کیا کچھ عنایت فرماتے ہوں گے، یہ لکھنا، یہ تحریر کرنا، اس کو احاطۂ تحریر، احاطۂ قلم میں لانا تو دور کی بات ہے۔ میرے جیسے کم علم اور کم عمل انسان کیلئے اس خوشی، اس رضامندی، ان انعامات وکرامات کو تصور میں لانا بھی محال ومشکل ہے۔ قارئین یہ عمل واقعی بہت بڑا عمل ہے۔ حاجات کی تکمیل، حاجات کا پورا ہونا، کسی بھی قسم کی چھوٹی بڑی حاجت کا باقی نہ رہنا یعنی جو سوچنا وہ ہو جانا، جو خیال میں لانا وہ پورا ہو جانا، جو بولنا وہ اپنی آنکھوں سے دیکھنا، یہ تو اس عمل کا پہلا اور ادنیٰ کرشمہ ہے۔ اس عمل کے عامل کے لیے زمین بھی مسخر، زمین پر رہنے اور بسنے والی ہر چیز مسخر، ہوائیں مسخر، فضائیں مسخر، تمام مخلوقات مسخر ہو جاتی ہیں۔ اس عمل کے عامل کی تمام پریشانیاں، مصیبتیں، تکلیفیں، آزمائشیں، تنگیاں، سختیاں، آزمائشیں، امتحانات منٹوں، سکینڈوں، لمحوں اور گھڑیوں میں ختم ہو جاتے ہیں۔ اس عمل کے عامل کیلئے ہر قسم کی تنگیاں آسانیوں میں بدل جاتی ہیں۔ اس عمل کے عامل کے ہر قسم کے غم کافور ہو جاتے ہیں اور تو اور قارئین رزق کا مسئلہ جو ہر وقت، ہر دور میں، ہر ایک کیلئے ایک بنیادی اور اہم مسئلہ ہے، اس عمل کے عامل کے لیے رزق کے معاملات اور اس کو رزق کی کسی بھی قسم کی کبھی بھی کوئی پریشانی رہتی ہی نہیں ہے۔ قارئین آپ حیران ہوں گے کہ اس عمل کے عامل کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود ارشاد فرمایا، خود ہی گارنٹی دے دی، خود ہی یقین دہانی فرمادی، خود ہی بشارت اور خوشخبری دے دی، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اس عمل کے عامل کو اللہ پاک وہاں وہاں سے رزق عطا

فرمائیں گے۔ جہاں سے رزق ملنے کا اس کو وہم وگمان بھی نہ ہوگا۔ قارئین میں نے اس عمل کے کئی عاملین کو دیکھا، کئی عاملین کے متعلق سنا، کئی عاملین کے متعلق پڑھا کہ ان کے پاس رزق کے ڈھیر لگ گئے بلکہ یوں کہیے کہ اس عمل کے عاملین کو اللہ پاک نے آسمانوں سے رزق، زمینوں سے رزق، پہاڑوں سے رزق، جنگلوں سے رزق، بیابانوں سے رزق، ویرانوں سے رزق، مشرق سے رزق، مغرب سے رزق، شمال سے رزق، جنوب سے رزق، اوپر سے رزق، نیچے سے رزق، دائیں سے رزق، بائیں سے رزق، آگے سے رزق، پیچھے سے رزق، قریب سے رزق، دور سے رزق، اپنوں سے رزق، بیگانوں سے رزق، دوستوں سے رزق، دشمنوں سے رزق، سفر میں رزق، حضر میں رزق، گھر میں رزق، مسجد میں رزق، بازار میں رزق، کاروبار ہونے کی شکل میں رزق، بے روزگار ہونے کی حالت میں رزق، دن کو رزق، رات کو رزق، صبح کو رزق، شام کو رزق، چلیں تو رزق، بیٹھیں تو رزق، سوئیں تو رزق، جاگیں تو رزق، اسباب کے ساتھ رزق، بغیر اسباب کے رزق۔ قارئین اس عمل کے عاملین پر اللہ پاک رزق کی بارشیں وہ بھی موصلا دھار اور وہ بھی یکے بعد دیگرے فرما دیتے ہیں۔ اس لاجواب اور بے مثال عمل کے عاملین کے عجیب وغریب واقعات ہیں۔ چند عاملین کے واقعات عرض کرنے کے بعد قارئین میں آپ کو بتلاؤں گا کہ یہ عمل کون سا عمل ہے اور اس کو کرنے کا وقت کیا ہے۔ اور اس عمل کو کتنے اور کون کون سے مقاصد کے لیے کیا جا سکتا ہے اور اس عمل کی روزانہ کی تعداد کیا ہونی چاہیے اور یہ عمل کتنے عرصے تک کرنا چاہیے۔ اس عمل کے عاملین ویسے تو سارے ہی صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین تھے۔ اس عمل کے عاملین سارے اہل بیت کرامؓ ہی تھے۔ اس عمل کے عاملین تمام تابعین، تمام غوث، تمام قطب، تمام ابدال ہی تھے، اور ان سب عاملین کے بے شمار واقعات احادیث پاک، تاریخ اور دیگر بہت ساری کتابوں میں پڑھنے کو بکثرت ملتے ہیں۔ اس عمل کے ایک عامل کے بارے میں لکھا ہے کہ جنگل کے شیر نے ان کی غلامی کی، جنگل کے شیر نے ان کی رہبری، رہنمائی کی، جنگل کا شیر ان کو جنگل میں راستہ بھول جانے پر جنگل سے باہر دیگر ساتھیوں تک چھوڑنے آیا، اس عمل کے ایک دوسرے عامل کے بارے میں احادیث کی کتابوں میں آتا ہے کہ ان کا حکم دریاؤں، ہواؤں حتیٰ کہ آگ اور زمین تک مانتی تھی۔ اس عمل کے عاملین کے بارے میں کتابوں میں لکھا ہے کہ گھوڑوں پر سوار ہو کر وہ دریا پار اور سمندر پار جا پہنچے۔ اس عمل کے عاملین کے بارے میں یہ بھی لکھا ہے کہ وہ سفر سے واپسی گھر آئے۔ ان کے گھر میں فاقہ کشی کے حالات تھے، گھر والے یہ خیال کر رہے تھے کہ وہ اپنے ساتھ کچھ لائیں گے اور وہ یہ سمجھ رہے تھے کہ گھر میں کچھ ہوگا۔ جب یہ گھر پہنچے تو گھر کے سخت حالات دیکھ کر یہ فوراً گھر سے باہر اس عمل کو کرنے کیلئے گئے قریب جنگل اور تنہائی میں جا کر یہ عمل شروع کر دیا، ان کی بیوی یہ خیال کرتے ہوئے کہ وہ غلہ وغیرہ لینے گئے ہوں گے۔ چکی صاف کرنے لگیں تو دیکھا کہ چکی خود بخود چلنا شروع ہو گئی اور آٹا نکلنا شروع ہو گیا۔ انہوں نے جا کر گھر میں موجود تندور میں روٹیاں پکانے کی غرض سے آگ جلائی، تھوڑی دیر بعد تندور کو دیکھا تو وہ خود بخود ہی روٹیوں سے بھرا ہوا تھا۔ اتنے میں وہ صاحب اس عمل سے فارغ ہو کر گھر پہنچے تو دیکھا کہ گھر والے روٹیاں رکھے ان کے انتظار میں ہیں اور دوسری طرف چکی چل رہی ہے اور آٹا نکل رہا ہے۔ انہوں نے جا کر چکی کو اٹھایا کہ دیکھوں کہ یہ خود بخود کیسے چل رہی ہے اور آٹا کہاں سے آ رہا ہے۔ جب انہوں نے چکی کو اٹھایا تو چکی چلنا بند ہو گئی، انہوں نے صبح جب یہ سارا واقعہ اس عمل کے استاد اور اس عمل کے سب سے بڑے عامل رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جا کر عرض کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر تم چکی کو اٹھا کر نہ دیکھتے تو قیامت کی صبح تک وہ چلتی رہتی اور آٹا نکلتا رہتا۔ قارئین یہ واقعہ حدیث پاک کی مشہور کتابوں مشکوٰۃ شریف اور مسند احمد دونوں میں مذکور ہے۔ قارئین آپ سوچ رہے ہوں گے کہ آخر وہ کون سا عمل ہے کہ جو کسی حاجت کو

